روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
جلد نمبر
13
شمارہ نمبر
6
قیمت
120
روپے
OCTOBER
2022
نورانی
تعویذات نمبر
دارالعمل چشتیہ کے خاص نورانی تعویذات
اعمال اولیاء اللہ و بزرگانِ دین کے نورانی تعویذات
مفتیان و علمائے کرام کے مجرب نورانی تعویذات
جنات و شیاطین سے نجات کے نورانی تعویذات
حفاظت کے نورانی تعویذات
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

دارالعمل چشتیہ میں خاص اوقات میں سکھائے جانے والے خاص الخاص اعمال

خاص اوقات یہ ہیں

1۔سورج گرہن 2۔چاند گرہن 3۔نوروز

خاص اعمال کی تفصیل درج ذیل ہے

1۔نورانی اعمال 2۔خاص خاص اعمال 3۔علوی اعمال 4۔باموکل اعمال

نورانی اعمال

سات سلام: ہر طرح کی بیماریوں اور جادو کے علاج کے لیے۔

آیات شفاء: ہر طرح کی بیماریوں کے علاج کے لیے۔

منزل: دنیا میں جادو، جنات اور شیاطین کے اثرات سے نجات اور حفاظت کے لیے۔

حصار قرآنی کبیر: روحانی دفاع کا ایک خاص مضبوط ہتھیار۔

حصار خاص: غیبی مخلوق کے ذریعے روحانی حفاظت کا ایک خاص عمل۔

خاص خاص اعمال

تھیلی والا عمل: سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔

اونٹ کی ہڈی والا عمل: گھر کی جنات و جادو سے حفاظت کا خاص عمل

بکرے کے صدقے کا عمل: سخت جادو جنات سے نجات کا عمل۔

سری والا عمل: سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لیے۔

علوی اعمال

چہل کاف: ہر طرح کے دنیاوی جائز کام کے لیے۔خاص کر جادو اور جنات کے بد اثرات کا خاتمہ کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔

مندرہ شاہ علی کبیر: جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔

نورانی مندرہ: ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔

عمل باندھ جادو: ہر طرح کا جادو باندھنے کا عمل۔

اعصائے کلیم اللہ: سخت جادو کی کاٹ کا عمل۔

عمل بندش کلاں: جادو، جنات، دشمن، ہتھیار وغیرہ کو باندھنے کا ایک خاص عمل۔

عمل واپسی سحر: سحر کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

عمل حب خاص: حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

باموکل اعمال

آیت الکرسی باموکل: شریر جنات و شیاطین کے خلاف انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار جو علاج کے ساتھ حفاظت کے لیے بھی مجرب ہے۔

آیت قطب باموکل: جنات، شیاطین، جادو سے نجات اور مقاصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ اخلاص باموکل: جنات و جادو سے نجات، ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ فیل باموکل: دشمن چاہے انسان ہو یا جنات، ان سے نجات کا مجرب عمل۔خاص کر جادوگروں کو سبق سکھانے کا مجرب عمل ہے۔

سورۃ مزمل باموکل: بڑے جنات، شیاطین و جادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

چہل کاف باموکل: سخت جنات و جادو سے نجات اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ جن باموکل: جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

سورۃ کوثر باموکل: دشمن، واپسی سحر اور رزق کی فراخی کا خاص عمل۔

رابطہ: روحانی دستگاہ | ناظم 0304-7772772 | نائب ناظم 0305-7772772 | فون 0333-7772775, 042-35410586

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 ربیع الاوّل ۱۴۴۴ھ / اکتوبر 2022ء شمارہ 6

darulamal.org/magazines/ruhani

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

khazinaeruhaniyat · khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات

0322-4773786, 042-35410586

قیمت 120 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1440 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1740 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2340 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبر شپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ بھیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس بھیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجئے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1. **منی آرڈر:** بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔
2. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772

JazzCash بنام مکتبۃ العارف۔ 1. 03028401977

2. #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔

3. **بینک اکاؤنٹس:** درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1. **برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:**

بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2. **برائے دیگر تمام شعبہ جات:**

بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجئے: darulamal.org/payment

دار العمل چشتیہ پاکستان لاہور

darulamal.org

info@darulamal.org

darulamalchisht · darulamalchishtia

موبائل: 0322-7772772 · 0343-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اکتوبر 2022ء

ربیع الاول ۱۴۴۴ھ

صفحہ	عنوان
5	ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا چوبیسواں خاص نمبر (خالد مقبول حفظہ اللہ)
6	تعویذ کی حقیقت اور اُس کا شرعی حکم (مولانا ابوبکر، راولپنڈی)
11	حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے نورانی تعویذات
12	اعمالِ اولیاء اللہ و بزرگانِ دین رحمہم اللہ کے نورانی تعویذات
14	شیخ العاملین حضرت مولانا امان اللہ رحمہ اللہ کے مجرب نورانی تعویذات
16	خاص خاص نورانی تعویذات (صوفی غلام سرور شباب مدظلہ، حویلی لکھا)
24	مجرب نورانی تعویذات (حضرت حافظ جمیل احمد جمیل رحمہ اللہ)
25	دار العمل چشتیہ کے خاص نورانی تعویذات (خالد مقبول حفظہ اللہ)
42	خاص خاص نورانی تعویذات (فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلویؒ)
43	جسم میں چیونٹیاں یا سوئیاں چبھنے والے جادو کا علاج (علی حسین شاہ)
48	مفتیان و علمائے کرام کے مجرب نورانی تعویذات (روحانی علاج گاہ)
49	دعاؤں کے نورانی تعویذت (محمد عارف)
50	اللہ کے خاص ناموں کے نورانی تعویذات (علامہ سخاوت حسین)
53	جسمانی امراض کے علاج کیلئے نورانی تعویذات (علامہ ارشد حسنؒ)
54	ہر طرح کے جائز کام کیلئے ایک ہی تعویذ (مولانا سلیم اللہ ظفر مدظلہ)
57	عاملین کے مجرب نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
59	مجرب نورانی تعویذات (فیصل حمید نقشبندی، لاہور)
61	بندش کا خاص نورانی تعویذ (ملازم حسین، اسلام آباد)
62	دو خاص نورانی الواح (الحاج حکیم میاں عبد المنعم خان، لاہور)
63	کثیر المقاصد نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
64	ہر قسم کے جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حاسد، دشمن، حادثات، تکالیف وغیرہ سے حفاظت کا خاص الخاص نورانی تعویذ (محمد عارف)
66	جنات و شیاطین سے نجات کے نورانی تعویذات (روحانی علاج گاہ)
67	جادو سے نجات کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
68	نظر بد سے نجات کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
69	اثرات بد سے نجات کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
71	جسمانی امراض سے شفاء کے نورانی تعویذت (روحانی علاج گاہ)
73	رزق و معاش سے متعلق نورانی تعویذات (روحانی علاج گاہ)
76	تکمیل حاجات کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
77	حفاظت کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
78	بندش سے نجات کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
79	شادی و نکاح کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
81	محبت کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
82	دشمن کے لیے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
83	زبان بندی اور جدائی کے نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)
84	مجرب نورانی تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ)

اظہار تشکر

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی پوری ٹیم اللہ پاک کا جتنا بھی شکر ادا کرے وہ کم ہے۔ کم ہے، کم ہے کہ جس نے ہمیں اس قابل بنایا کہ ہم آپ کی خدمت میں ہر ماہ عمومی طور پر اور ہر 6 ماہ بعد خصوصی طور پر ماہنامہ خزینہ روحانیات کی شکل میں روحانی خدمت کا اعزاز حاصل ہے اور ہم اس بات پر بھی بہت شکر گزار ہیں کہ مالک نے ماہنامہ خزینہ روحانیات کو بے پناہ قبولیت و مقبولیت عطا فرمائی ہے۔

اللھم لك الحمد كله ولك الشكر كله

قارئین اس وقت ماہنامہ خزینہ روحانیات کا 24واں خاص نورانی تعویذات نمبر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہمیں امید ہے کہ سابقہ سبھی خاص نمبروں کی طرح اس بات کا بھی خاص نمبر آپ کو بہت پسند آئے گا۔ آپ سب سے محبتوں، چاہتوں، عقیدتوں کے ساتھ ساتھ بہت زیادہ دعاؤں کی بھی اشد ضرورت ہے کہ ہم آپ کی اسی طرح بلکہ اس سے بھی بڑھ کر خدمت کرتے رہیں۔

حمد جل جلالہٗ

رفعتیں تیرے لیے، سب عظمتیں تیرے لیے
خالقِ حرف و بیاں، سب مدحتیں تیرے لیے

زندگی تیرے لیے اور بندگی تیرے لیے
اُلفتیں تیرے لیے، سب چاہتیں تیرے لیے

تُو کہ لامحدود ہے، حدِ مکاں بھی تجھ سے ہے
سرحدِ امکاں تلک، سب رفعتیں تیرے لیے

عقل حیراں ہے کہ کیسا ہے نظامِ کائنات
اے حکیمِ بے بدل! سب حکمتیں تیرے لیے

میں کہ بندہ ہوں تو پھر بندے کا کیسا اختیار
قادرِ مطلق ہے تو سب قدرتیں تیرے لیے

حرف سب تیرے لیے، لفظ سب تیرے لیے
صورتِ اظہار کی سب صورتیں تیرے لیے

ڈاکٹر محمد امین

ورفعنالک ذکرک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اپنی آنکھیں وردِ صلِ اللہ میں نم کیجیے	یوں مداوائے الم درمان ہر غم کیجیے
نام سنتے ہی نبی پاک کا پڑھیے درود	ایسا موقع جب بھی آجائے تو سرخم کیجیے
شاغلِ وردِ درود پاک رہیے روز و شب	دینوی مصروفیت کو اپنی کچھ کم کیجیے
وہ عزوجل بھی پڑھتا ہے درود پاک، پڑھیے آپ بھی	اس طرح سے اتباعِ رب اکرم کیجیے
تر زباں رہیے درود کونین میں	جب بھی ذکر شہر سرکار دو عالم کیجیے
دیکھیے گا منفعت بخشی درود پاک کی	شرط ہے اس کو ہمہ اوقات ہمدم کیجیے
ذکر شہر نور ہے، ورد پاک کی	حدت مجوری طیبہ کو مدھم کیجیے
ہر مرض، ہر ایک بیماری کا استیصال ہو	مولای صل وسلم پڑھ کے دو دم کیجیے

تذکرہ صل علی کا کیجیے جب بھی اُدھر
بہتے اشکوں کو ادھر گلرنگ شبنم کیجیے

نام آقا پر نہ پڑھیے گر درود اک مرتبہ	سینکڑوں بار اپنی بدبختی کا ماتم کیجیے
لوگ جتنے بھی ہیں شیدائے درود مصطفیٰ	دل کے دروازے پہ سب کا خیر مقدم کیجیے
اپنی عادت ہی بنا لیجے درود پاک کو	اور اس عادت کو پھر کچھ اور محکم کیجیے
اسم اعظم جانیے صل علی کے ورد کو	زندگی بھر کے لیے پھر خود کو بے غم کیجیے

جتنے پڑھنے والے ہیں سرکار والا ﷺ پر درود
ہو سکے محمود تو ان کو منظم کیجیے

راجہ رشید محمودؒ

اہم اعلان

☆ ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ نومبر 2022 سے اپریل 2023 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 520 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 700 روپے اور بذریعہ TCS بھی کی جاتی ہے۔ جس کی تفصیل صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں۔

☆ نومبر 2022 سے اپریل 2023 تک واٹس ایپ ممبر شپ 350 روپے ہوگی۔

☆ جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مؤدبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر یا واٹس ایپ ممبر شپ کی فیس جمع کروائیں۔

رابطہ: 0322-4773786

اہم گذارش

تمام قارئین، شاگرد و ممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات کیلئے اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ عملیات مجرب تعویذات و نقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ اپنا تجربہ دوسروں تک پہنچائیں اور دکھی انسانیت کی خدمت کریں۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔

خط و کتابت کا پتہ: 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا چوبیسواں خاص نمبر

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

محترم و معزز قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

اللہ جل جلالہ کا بہت شکرگزار ہوں جس کی توفیق اور مشائخ اور روحانی اساتذۂ کرام کی دعاؤں کے طفیل ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے خاص نمبر کا چوبیسواں شمارہ ''نورانی تعویذات'' کے موضوع پر، آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ رب العزت نے اپنے فضل اور بزرگوں کی دعاؤں سے سابقہ تیئس خاص نمبروں کو بہت مقبولیت بخشی۔ اندرونِ پاکستان کے علاوہ دنیا کے دیگر کئی ممالک میں ان خاص نمبروں کا فیض پہنچا اور پہنچ رہا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ جل جلالہ اسی طرح اس رسالے کا فیض دنیا بھر میں پہنچاتا رہے اور ہم کو بھی ہمت اور توفیق دے تاکہ ہم اچھا سے اچھا مواد قارئین تک پہنچائیں۔ آمین

''نورانی تعویذات'' کا خاص شمارہ، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، تعویذات پر مشتمل ہے۔ تعویذ سے مراد ہمیشہ لکھنا ہوتا ہے۔ ہم نے اس شمارے میں وہ تعویذات شامل کیے ہیں، جن کو لکھ کر ایک ہی بار استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے باندھا جائے، پاس رکھا جائے، دبایا جائے، لٹکایا جائے وغیرہ۔ لکھ کر پینا، لکھ کر چھڑکنا، لکھ کر غسل کرنا اور دیگر استعمال کو ہم نے شامل نہیں کیا کیونکہ ان طریقوں کو روحانی علاج کہنا زیادہ بہتر ہے نہ کہ تعویذ کہنا۔ ''نورانی'' سے مراد ایسا کلام جو اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم، درود شریف، دعاؤں پر مشتمل ہوں۔ قرآن سارا کا سارا بھی نورانی میں شامل ہے مگر ہم نے اس شمارے سے قبل قرآنی تعویذات نمبر شائع کر دیا تھا، اس لیے ایسے تعویذات جو صرف قرآنی کلمات پر مشتمل ہوں، اس شمارے میں شامل نہیں۔

البتہ ایسے تعویذ جن میں قرآنی کلام کے ساتھ دوسرے نورانی کلام شامل ہوں، ایسے تعویذات اس شمارے میں شامل ہیں۔

یہ شمارہ خاص کر عاملین اور روحانی معالجین کے لیے بہت مفید ثابت ہوگا۔ اس شمارے میں ان کے لیے بہت سے روحانی خزانے چھپے ہیں۔ روزمرہ کے مسائل جیسے جادو، جنات، نظرِ بد، بندشوں اور ہر قسم کے اثرات بد سے نجات، جسمانی امراض سے شفاء، معاش اور رزق کے مسائل، حاجات پوری ہونا اور مشکلات سے نجات، ہر طرح کے مصائب، حادثات، اثراتِ بد وغیرہ سے حفاظت، محبت کے معاملات، زوجین اور سسرال کے مسائل، تسخیر، نکاح وشادی، دشمن، عداوت، بغض وجدائی، گھریلو ناچاقی، اولاد کے مسائل وغیرہ......

الغرض کوئی بھی روحانی مسئلہ ہو، پریشانی ہو، دکھ ہو یا غم یا دیگر کوئی بھی ایسا معاملہ ہو جس کا حل اس دنیا میں ہوسکتا ہو، ہونا ہو یا حل ہونا چاہیے تو پھر نورانی تعویذات آپ کے تمام مسائل کا فوری، مستقل اور زبردست حل ہے۔ اس شمارے سے قارئین، سائلین، مریض، طالبینِ روحانیات کی نا صرف ضروریات پوری ہوں گی بلکہ علمی پیاس بھی بجھے گی۔ اللہ تعالیٰ اس شمارے کو سب قارئین کے لیے نافع بنائیں۔ آمین

تعویذ کی حقیقت اور اُس کا شرعی حکم

مرسلہ: مولانا ابوبکر (راولپنڈی)

بعض مرتبہ یہ سوال اُٹھتا ہے کہ تعویذ کا کیا حکم ہے؟ اور دم و تعویذ میں کیا فرق ہے؟ سو یاد رکھئے کہ ان میں وہی فرق ہے جو کلامِ الٰہی اور کتاب اللہ میں ہے۔ کتاب اللہ کو لکھا جاتا ہے اور کلام اللہ کو پڑھا جاتا ہے۔ جس طرح ہم کلام اللہ کی عزت کرتے ہیں، ناپاک ہونے کی حالت میں اُسے اپنی زبان پر نہیں لاتے، قرآن کریم کتاب کی صورت میں ہے تو اُسے چھو بھی نہیں سکتے۔ اگر یہ لکھا ہوا قرآن واجب الاحترام نہ ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ نہ فرماتے کہ جب دشمن کے علاقے میں جاؤ تو لکھا ہوا قرآن (مصحف) وہاں نہ لے جاؤ، کہیں دشمن کے ہاتھ لگے اور وہ اس کی بے احترامی کریں۔

علاج بالقرآن دم سے ہوسکتا ہے تو لکھے ہوئے پاک اور طیب کلمات سے کیوں نہیں ہوسکتا؟ وہاں بھی اس میں تاثیر اذنِ الٰہی سے آتی ہے اور تعویذ میں بھی۔ حروف و کلمات مؤثر بالذات نہیں، اثر اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے، جب وہ چاہے۔ رہا پاک کلمات کو حروف میں لکھنا تو اس میں ناجائز ہونے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔ ان کلمات اور آیات پر دلالت لفظی ہو تو یہ وہ صورت ہے جو ہمیں عیاناً (کھلی ہوئی) نظر آتی ہے اور دلالتِ وضعی ہو تو یہ ان کلمات کے حروفِ ابجد ہیں اور ان میں بھی اثر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہی آتا ہے، یہ حروف بالذات کوئی اثر نہیں رکھتے۔

تعویذ میں روحانی اثرات

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جو شخص اپنی نیند میں گھبرا جائے، اُسے چاہیے کہ وہ یہ کلمات پڑھے: ”اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ“ تو وہ خواب اُسے ہرگز نقصان نہ دے گا۔ آپؓ کے پوتے کہتے ہیں کہ: حضرت عبداللہؓ کی اولاد میں جو بالغ ہو جاتا تو آپؓ اُسے یہ کلمات سکھا دیتے اور جو نابالغ ہوتا تو آپؓ اس کے گلے میں یہ دعا لٹکا دیتے تھے: ”وکان عبد الله بن عمرو ﷺ یعلمها من بلغ من ولده ومن لم یبلغ منهم کتبها فی صك ثم علقها فی عنقه۔“ (رواہ ابوداؤد والترمذی، بحوالہ مشکوٰۃ، ص: ۲۱۷)

اس سے معلوم ہوا کہ کلام پاک کا پڑھنا اور کلماتِ مبارکہ کا تعویذ لکھ کر بنانا اور اُسے بدن سے باندھنا، دونوں عمل جائز ہیں۔ اگر یہ عمل ناجائز ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جلیل القدر صحابیؓ کبھی بھی اپنے بچوں کے گلے میں تعویذ نہ ڈالتے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے اس عمل سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ آپؓ تعویذات کے اثر کے قائل تھے، جبھی تو آپؓ نے تعویذ لکھا اور اسے اپنے بچوں کے گلے میں ڈالا۔ یہ کلمات کوئی روحانی تاثیر نہ دیتے تو آپ ہی بتلائیں کیا صحابی رسول ایسا عمل کرتے؟

تاثیر میں اذنِ الٰہی کو شرط جاننا ضروری ہے

دسویں صدی کے مجدد حضرت ملا علی قاریؒ (متوفی: ۱۰۱۴ھ) اس حدیث پر لکھتے ہیں کہ: ”وهذا أصل فی تعلیق التعویذات التی فیها أسماء الله تعالی۔“ (مرقات، ج: ۵، ص: ۲۳۶) اس سے واضح ہوتا ہے کہ وہ تعویذات جو اسمائے الٰہیہ اور کلماتِ مبارکہ پر مشتمل ہوں، اپنے اندر ایک روحانی اثر رکھتے ہیں اور اس سے مریضوں کا علاج کرنا علاج بالقرآن ہی ہے۔ ہاں! وہ تعویذات جو شرکیہ الفاظ پر مشتمل ہوں، ان کی قطعاً اجازت نہیں۔ جن روایات میں تمائم اور رُقی کو شرک کہا گیا ہے، اس سے مراد اسی قسم کے دم اور تعویذ ہیں، جن میں شرکیہ الفاظ واعمال کا دخل پایا جائے۔ ”التمائم“ میں ”الف لام“ اسی کے لیے ہے۔ اور جو دم اور تعویذ اس سے خالی ہوں، ان کا استعمال جائز ہے اور اس کے روحانی اثرات ثابت ہیں۔ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم دورِ جاہلیت میں دم کیا کرتے تھے۔ ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بابت پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”أعرضوا علیّ رقاکم، لا بأس بالرقی ما لم یکن فیه شرك۔“ (رواہ مسلم، مشکوٰۃ، ص: ۳۸۸)

اس سے پتہ چلتا ہے کہ دم اور تعویذ میں اصل وجہ منع کفر و شرک ہے، جب یہ نہ ہو تو وہ دم اور تعویذ جائز ہے۔ چنانچہ ابن تیمیہؒ اپنی کتاب ''مجموعة الفتاویٰ'' میں تعویذ کے جواز پر ایک مستقل فصل ''فصل: فی جواز أن یکتب لمصاب و غیرہ... الخ'' باندھ کر اس کے تحت لکھتے ہیں: ''و یجوز أن یکتب للمصاب و غیرہ من المرضی شیئاً من کتاب اللہ و ذکرہ بالمداد المباح، ویغسل و یسقی، کما نص علی ذلک أحمد و غیرہ'' (مجموعة الفتاویٰ، ج: ۱۹، ص: ۳۶، ط: مکتبة العبیکان)

کسی مریض کے لیے کتاب اللہ میں کچھ لکھ کر دینا یا اس کو دھو کر پانی میں گھول کر پلانا، یہ دونوں جائز ہیں۔ حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ ''کفایت المفتی'' میں رقم طراز ہیں کہ: ''قرآن شریف کی آیت تعویذ میں لکھنا جائز ہے۔'' (کفایت المفتی، الحظر والاباحة، الفصل الثانی فیما یتعلق بالعوذة، ج: ۱۲، ص: ۴۸۲، ط: فاروقیہ)

حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مد ظلہ اپنی کتاب ''تکملة فتح الملھم'' میں لکھتے ہیں کہ: ''...... فتبین بھذا أن التمائم المحرمة لا علاقة لھا بالتعاویذ المکتوبة المشتملة علی أیات من القرآن أو شیء من الذکر، فإنھا مباحة عند جماھیر فقھاء الأمة، بل استحبھا بعض العلماء إذا کانت بأذکار مأثورة، کما نقل عنھم الشوکانی فی النیل، واللہ أعلم۔'' (تکملہ فتح الملھم، کتاب الطب، باب رقیة المریض، کتابة التعویذات، ج: ۴، ص: ۳۱۸، ط: دار العلوم، کراچی)۔

وہ تعویذات جن میں اللہ کے کلام اور مسنون دعاؤں کا ذکر ہو تو وہ قطعاً حرام نہیں، ان کا حرمت سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسے تعویذات تو عام جمہور علماء کے نزدیک جائز ہیں بلکہ بعض علماء نے اس کو مستحسن قرار دیا ہے۔ علامہ شوکانیؒ نے ان سے یہ ''نیل الأوطار'' میں نقل بھی کیا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ ''فتح الباری'' میں لکھتے ہیں کہ: ''أجمع العلماء علی جواز الرقی عند اجتماع ثلاثة شروط: أن یکون بکلام اللہ أو بأسمائه و صفاته و باللسان العربي أو بما یعرف معناہ من غیرہ و أن یعتقد أن الرقیة لا تؤثر بذاتھا بل بذات اللہ تعالیٰ'' (فتح الباری، ج: ۱۰، ص: ۱۹۵، ط: دار الفکر بیروت)

علماء نے دم اور تعویذ کے جواز پر اجماع کیا ہے، جب ان میں درج ذیل شرائط پائی جائیں:

1. وہ اللہ کے کلام، اسماء یا اس کی صفات پر مشتمل ہوں۔
2. وہ عربی زبان یا پھر ایسی زبان میں ہوں جس کا معنی سمجھ میں آتا ہو۔
3. یہ یقین رکھنا کہ اس میں بذاتِ خود کوئی اثر نہیں، بلکہ مؤثر حقیقی اللہ جل شانہٗ کی ذات ہے۔

علامہ شامیؒ بھی اپنی کتاب ''رد المحتار'' میں تعویذ کا جواز نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: ''و إنما تکرہ العوذة اذا کانت بغیر لسان العرب ولا یدری ما ھو. ولعله یدخله سحر أو کفر أو غیر ذلك و أما ما کان من القرآن أو شیء من الدعوات. فلا بأس به'' (رد المحتار، ج: ۶، ص: ۳۶۳)

''فتاویٰ ھندیه'' میں ہے کہ: ''و اختلف فی الاسترقاء بالقرآن نحو: .... أن یکتب فی ورق و یعلق أو یکتب فی طست. فیغسل و یسقی المریض. فأباحه عطاء و مجاھد و أبو قلابة و کرھه النخعي و البصري. کذا فی ''خزانة الفتاویٰ''. قد ثبت ذلك فی المشاھیر من غیر إنکار .... و لا بأس بتعلیق التعویذ۔ الخ'' (الفتاویٰ الہندیة، الباب الثامن عشر فی التداوی، ج: ۵، ص: ۳۵۶، ط: دار الفکر)

''قرآنی آیات کے ذریعہ دم میں علماء نے اختلاف کیا ہے، مثلاً: ...... کسی کاغذ پر قرآن کی آیت لکھ کر مریض کے جسم پر باندھ لیا جائے یا کسی برتن میں آیات لکھ کر دھویا جائے اور مریض کو پلایا جائے تو عطاءؒ، مجاہدؒ اور ابو قلابہؒ اس کو جائز سمجھتے ہیں اور امام نخعیؒ اور بصریؒ اس کو مکروہ سمجھتے ہیں۔ لیکن مشہور کتابوں میں اس کے جواز پر کوئی نکیر وارد نہیں ہوئی ہے۔ آگے لکھتے ہیں کہ تعویذ کے لٹکانے میں کوئی حرج نہیں۔'' ابن القیم الجوزیہؒ اپنی کتاب ''زاد المعاد'' میں لکھتے ہیں: ''قال المروزي: و قرأ علی أبي عبد اللہ و أنا أسمع أبو المنذر عمرو بن مجمع، حدثنا یونس بن حبان. قال: سألت أبا

جعفر محمد بن علی أن أعلق التعويذ، فقال: إن كان من كتاب الله أو من كلام عن نبي الله فعلقه و استشف به ما استطعت۔" (زاد المعاد فی ہدی خیر العباد، کتاب عسر الولادۃ، ج:۴،ص:۳۳۷، ط: مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت۔ کذا فی الطب النبوی لابن القیم الجوزیۃ، حرف الکاف، ج:۱،ص:۳۰۷، ط: دار الہلال، بیروت)

"راوی کہتا ہے کہ میں نے ابوجعفر محمد بن علی سے تعویذ باندھنے کے بارے میں دریافت کیا کہ اس کا کیا حکم ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ: اگر وہ اللہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام پر مشتمل ہو تو اس کو باندھ لیا کرو، اس میں کوئی حرج نہیں۔" تفسیر "روح البیان" میں ہے کہ: "وأما تعليق التعويذ و هو الدعاء المجرب أو الآية المجربة أو بعض أسماء الله تعالى لدفع البلاء، فلا بأس به و لكن ينزعه عند الخلاء و الجماع" (روح البیان، سورۃ یوسف، آیۃ: ۶۸، ج: ۴، ص:۲۹۵، ط: دار الفکر، بیروت)

"تعویذ اگر مجرب دعا، مجرب آیت یا اللہ کے اسماء پر مشتمل ہو اور کسی مصیبت یا بیماری کے دفعیہ کے غرض سے لٹکایا ہو تو یہ جائز ہے، لیکن جماع اور بیت الخلاء جانے کے وقت نکالے گا۔" "تفسیر قرطبی" میں ہے کہ: "وسئل ابن المسيب عن التعويذ أيعلق؟ قال: إذا كان في قصبة أو رقعة يحرز، فلا بأس به. و هذا على أن المكتوب قرآن. وعن الضحاك أنه لم يكن يرى بأسا أن يعلق الرجل الشيء من كتاب الله إذا وضعه عند الجماع و عند الغائط. ورخص أبو جعفر محمد بن علي في التعويذ يعلق على الصبيان. و كان ابن سيرين لا يرى بأسا بالشيء من القرآن يعلقه الإنسان" (تفسیر قرطبی، سورۃ الاسراء، ۸۲، ج:۱۰،ص:۳۲۰، ط: دار المعرفۃ)

سعید ابن المسیبؒ، ضحاکؒ اور ابن سیرینؒ جیسے اکابر علماء اس کے جواز کے قائل تھے۔ حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ لکھتے ہیں کہ: "قرآنی آیات کا تعویذ جائز ہے، جبکہ غلط مقاصد کے لیے نہ کیا گیا ہو۔ حدیث میں جن ٹونوں، ٹوٹکوں کو شرک فرمایا گیا ہے، ان سے زمانۂ جاہلیت میں رائج شدہ ٹونے اور ٹوٹکے مراد ہیں، جن میں مشرکانہ الفاظ پائے جاتے تھے اور جنات وغیرہ سے استعانت حاصل کی جاتی تھی۔ قرآنی آیات پڑھ کر دم کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ سے ثابت ہے اور بزرگانِ دین کے معمولات میں شامل ہے۔" (آپ کے مسائل اور ان کا حل، تعویذ گنڈے اور جادو، ج: ۲،ص: ۴۹۹، ط: مکتبہ لدھیانوی)

علامہ شوکانیؒ ابن ارسلانؒ سے نقل کرتے ہیں کہ: "قال ابن أرسلان فالظاهر أن هذا جائز لا أعرف الأن ما يمنعه في الشرع۔" (فتاویٰ اہل حدیث، ج:۱،ص:۱۹۳)

"ابن ارسلان کہتے ہیں کہ ظاہر یہی ہے کہ یہ جائز ہیں، شریعت میں اس کے منع کی کوئی دلیل میں نہیں جانتا۔" شفاء بنت عبد اللہ سے روایت ہے کہ میں ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس بیٹھی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، آپ ﷺ نے مجھے کہا: "ألا تعلمين هذه رقية النملة كما علمتها الكتابة۔" (مسند احمد ج:۱۷،ص:۱۷۹، مبوب)

"اے شفاء! کیا تو انھیں (یعنی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو) نملہ کا دم نہیں سکھا دیتی، جیسا کہ تو نے انھیں لکھنا سکھا دیا ہے؟" اس سے واضح ہوتا ہے کہ وہ دم اور تعویذ جس میں کفر و شرک اور غیر معروف الفاظ نہ ہوں اور الفاظ میں ذاتی تاثیر نہ سمجھی جائے، اس کے منع پر کوئی دلیل وارد نہیں۔

شیخ احمد عبد الرحمن البناؒ لکھتے ہیں کہ یہ ہرگز ممنوع نہیں، بلکہ سنت ہے: "فلا نهي فيه، بل هو السنة۔" (ایضاً ص:۱۷۷)

نواب صدیق حسن خانؒ نے "الدین الخالص" میں اس پر تفصیلی بحث کی ہے اور انہوں نے بھی دم اور تعویذ کو جائز قرار دیا ہے، البتہ ان سے پرہیز کرنے کو افضل کہتے ہیں اور یہ اپنے آپ کو ابرار میں لانا ہے جو اسباب اختیار نہیں کرتے۔ حافظ عبد اللہ روپڑی صاحبؒ، نواب صاحبؒ کی یہ عبارت پیش کر کے لکھتے ہیں: "اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ صرف شرک والی صورتیں منع ہیں، باقی جائز ہیں۔ ہاں! پرہیز بہتر ہے۔" (فتاویٰ اہل حدیث، ج:۱،ص:۱۹۳)

حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "راجح یہ ہے کہ آیات یا کلماتِ صحیحہ دعائیہ جو ثابت ہوں، ان کا تعویذ بنانا جائز ہے، ہندو ہو یا مسلمان، صحابہ کرامؓ نے ایک کافر بیمار پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا تھا۔" (فتاویٰ ثنائیہ، ج:۱،ص:۳۳۹)

اہلِ حدیث کے ایک مشہور عالم مولانا شرف الدین دہلویؒ اس کی تائید میں لکھتے ہیں کہ: ''حضرت عبد اللہ ابن عمرو بن العاصؓ صحابی ''أعوذ بکلمات اللہ.........الخ'' ساری دعا لکھ کر اپنے بچوں کے گلے میں لٹکایا کرتے تھے۔'' (ایضاً)

غرض یہ کہ مذکورہ بالا دلائل وحوالہ جات سے یہ بات واضح اور عیاں ہوگئی کہ علاج بالقرآن کی ایک قسم تعویذ بھی ہے اور اس کے روحانی اثرات کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔ بہت سے مریض تعویذوں میں لکھی گئی آیات قرآنیہ اور کلماتِ دعائیہ کی برکت سے کئی لاعلاج امراض سے بھی نجات پا گئے ہیں۔ ہاں! ان میں تاثیر ان کلمات کی ذات سے نہیں، بلکہ اللہ رب العزت کے حکم ہی سے آتی ہے۔ اگر ان تعویذات اور دموں میں کوئی روحانی تاثیر نہ ہوتی اور اس کا باطنی فائدہ نہ ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے قرآن کی آخری تین (3) سورتیں پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک نہ مارتے اور انھیں اپنے بدن پر نہ ملتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ عمل تین (3) مرتبہ فرماتے، حتیٰ کہ مرض الوفات میں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم خود کمزوری کی وجہ سے ایسا نہ کرسکے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے انھی سورتوں کو پڑھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں پر پھونک لگائی اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بدن پر مل لیا۔ ایک مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دم کیا تھا۔ (رواہ مسلم)۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ان سورتوں کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرنا اور پھر اپنے ہاتھوں سے پورے بدن کو ملنا، اس بات کا پتہ دیتا ہے کہ ان آیات میں ضرور روحانی اثر ہے۔ اور یہ شیطانی اثرات سے بچانے کا ایک خاص عمل ہے جو بظاہر نگاہوں سے مخفی ہوتا ہے لیکن باطنی آنکھ والے ان کی تاثیرات کھلے طور پر دیکھتے ہیں اور پڑھنے کے ساتھ ہاتھ پھیرنا، یہ بھی ہرگز منع نہیں۔ یاد رہے کہ دم اور تعویذ میں وہی فرق ہے جو کلام میں اور کتاب میں ہے، دونوں کا اپنا اپنا مقام ہے اور دونوں کا اپنا اپنا احترام ہے۔ لیکن تعویذ کے سلسلہ میں بعض فحش غلطیاں سرزد ہوجاتی ہیں، جس کی بیخ کنی نہایت اہم ہے اور اس سے قطعی پرہیز اور کنارہ کشی اختیار کرنا بہت ہی ضروری ہے۔

❶ بعض جاہلوں نے لکھا ہے کہ: مسلمان کی خیر خواہی کے لیے بوقتِ ضرورت شرکیہ الفاظ سے دم کرنا جائز ہے، سو یہ بالکل غلط ہے اور اس کا شریعت میں بالکل ثبوت نہیں۔

❷ اکثر عوام عملیات (اور تعویذات وغیرہ) کو ایک ظاہری تدبیر سمجھ کر نہیں کرتے، بلکہ اس کو سماوی اور اور ملکوتی چیز سمجھ کر کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تعویذ گنڈوں کے متعلق عوام کے عقائد نہایت برے ہیں۔ حالانکہ عملیات، تعویذ اور گنڈے وغیرہ بھی طبی دواؤں کی طرح ایک ظاہری سبب اور تدبیر ہے (کوئی آسمانی اور ملکوتی چیز نہیں)۔ بس جس طرح دواء سے کبھی فائدہ ہوتا ہے اور کبھی نہیں، اسی طرح تعویذ میں بھی کبھی فائدہ ہوتا اور کبھی نہیں۔ پھر بھی دونوں برابر نہیں، بلکہ دونوں میں یہ فرق ہے کہ عملیات میں فتنہ ہے اور دواء میں فتنہ نہیں۔ اور وہ فتنہ یہ ہے کہ عامل کی طرف بزرگی کا خیال واعتقاد پیدا ہوتا ہے، طبیب کی طرف بزرگی کا خیال پیدا نہیں ہوتا۔

❸ ایک اور بہت بڑی خرابی یہ ہے کہ اگر تعویذ گنڈے وغیرہ سے کام نہ ہوا تو پھر آیاتِ الٰہیہ سے بدعقیدگی اور بدگمانی پیدا ہوجاتی ہے۔

❹ عملیات قریب قریب سب اجتہادی ہیں۔ روایات سے ثابت نہیں۔ جیسا کہ عوام کا خیال ہے کہ ان عملیات کو اوپر ہی سے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت سمجھتے ہیں، یہ صحیح نہیں ہے، بلکہ عاملین مضمون کی مناسبت سے ہر کام کے لیے مناسب آیات وغیرہ تجویز کرتے ہیں۔

❺ آج کل لوگ اپنے مقاصد میں اور امراض ومصائب کے دفعیہ میں تعویذ گنڈوں کی تو بڑی قدر کرتے ہیں، اس کے لیے کوششیں بھی کرتے ہیں اور جو اصل تدبیر ہے یعنی اللہ سے دعا، تو اس میں غفلت برتتے ہیں۔ میرا تجربہ ہے کہ کوئی نقش وتعویذ دعا کے برابر مؤثر نہیں، بشرطیکہ تمام آداب وشرائط کی رعایت رکھی جائے۔

خلاصہ یہ کہ تعویذ بذاتہ جائز ہے، بشرطیکہ مذکورہ بالا شرائط کی رعایت رکھی جائے اور درج بالا ناجائز اعتقادات سے خود کو پاک اور منزہ کیا جائے۔ نوٹ: اس مقالہ کا اکثر حصہ ڈاکٹر علامہ خالد محمود کی کتاب ''آثار القرآن'' اور حضرت تھانویؒ کی ''اغلاط العوام'' سے ماخوذ ہے۔ اس کے علاوہ بے شمار مستند کتابوں سے بھی اخذ کیا گیا ہے۔

عاملین کاملین کی طلسمات، حب، تسخیرات، تعویذات وعملیات، مجربات، تسخیر قلوب اور جادو کے مستند علاج پر بہترین کتب

کتاب	مصنف	قیمت
شمس المعارف	حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ	600
شمس شبستان رضا مکمل (سات حصے)	اقبال احمد نوری	500
شمع شبستان رضا (چار حصے)	اقبال احمد نوری	300
شمع شبستان رضا (مکمل مجلد)	اقبال احمد نوری	580
کالے جادو کا قرآنی علاج	محمد جاوید قادری	250
مفتاح العملیات	محمد الیاس عادل	400
گنجینہ اسرار مخفی	غلام رسول قادری	500
تحفہ دستگیری معہ قصیدہ بردہ شریف	صوفی عزیز الرحمن نقشبندی مجددیؒ	300
کشکول قلندری (المعروف عملیات فیض)	سراج الدین چشتی	300
کشکول عملیات	مولانا سید حسن الہاشمی	250
مجرب عملیات التعویذات	مولانا سید ظہور احمد شاہ جہانپوری	250
خزینہ عملیات	صوفی عزیز الرحمن پانی پتی	160
علم الحروف اعمال نامہ ناسوتی	مولانا حسن الہاشمی	140
بسم اللہ اور سورۃ مزمل کی عظمت وافادیت	مولانا سید حسن الہاشمی	140
بندش کا توڑ بمعہ سفلی جناتی سحر سے نجات	الحاج سید مولانا جلیل میاں	350
رکن دین (مجلد)	مولانا شاہ رکن دینؒ	180
تعویذات نقشبندی	صوفی محمد ندیم محمدی	100
تعویذات سہروردی	صوفی محمد ندیم محمدی	100
تعویذات چشتی	صوفی محمد ندیم محمدی	100
تعویذات قادری	صوفی محمد ندیم محمدی	100
تحفہ مشکل کشا (2)	صوفی محمد اسلم نقشبندی	500
وظائف وعملیات	صوفی محمد اسلم نقشبندی	180
سراج العملیات	کریم بخش جلالی	300
جادو کا توڑ مع اسرار روحانی	حکیم جمیل احمد جمیل	350
شرعی استخارہ پریشانیوں سے چھٹکارا	مولانا سید حسن الہاشمی	100
تعبیر الرویا اعلیٰ (کلاں)	علامہ ابن سیرینؒ	600
تعبیر الرویا خوابوں کا انسائیکلوپیڈیا (اعلیٰ سینچری کاغذ)	وسیم اکرم القادری	1200
سچا خواب نامہ پیغمبری	محمد عبداللہ چشتی صابری	250
سچا خواب نامہ مع جامع فالنامہ روحانی	محمد حسین اجمیری	250
سچا خواب نامہ مع فالنامہ قرآنی	صوفی عزیز الرحمن نقشبندی	250
سچا تعبیر نامہ خواب	الحاج شہزادہ مشتاق جہانگیر	250
سچا فالنامہ قیافہ شناسی	محمد عبداللہ چشتی صابری لطیفی	225
پتھروں کا انسائیکلوپیڈیا	محمد الیاس عادل	400
عدد اور شخصیت	فقیر محمد جاوید قادری	300
پتھر شناسی (آئینہ جواہر)	پنڈت امرناتھ	250
پتھروں ستاروں سے علاج	طارق کاشف	150
چہرہ شناسی	حافظ محمد عطاء اللہ	200
کیرو پامسٹری کا انسائیکلوپیڈیا	ایم اے اقبال	450
بارہ برجوں کا انسائیکلوپیڈیا	تاج پرویز	400
زائچوں کا انسائیکلوپیڈیا	علیم اقبال	250
لکیریں بولتی ہیں (زبان فطرت)	عامر شہزاد	250
پامسٹری کے اسرار ورموز	علیم اقبال	300
لال کتاب (کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن)	پنڈت شرما گردھاری لال	600
مراقبہ	اوشو (مترجم زاہد ملک)	350
ہاتھ اور شخصیت	عامر شہزاد	250
ہمارے ہاتھ	عامر شہزاد	225
ہاتھ شخصیت کا آئینہ	انجینئر رانا محمد امین	200

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

پیشاب رک جانا یا پتھری ہو جانا

کلمات ذیل کو لکھ کر ناف پر باندھ دیا جائے۔

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَایَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّیِّبِیْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِكَ عَلٰی هٰذَا الْوَجَعِ۔

برائے تپ و لرزہ

بازو پر باندھیں۔

عثمان	عمر	ابوبکر
لا الہ	بحق	علی
رسول اللہ	محمد	الا اللہ

برائے اصلاح زوجین مجرب ہے

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے کیلئے یہ لکھ کر دے۔ ان شاء اللہ فوراً محبت ہوگی، مجرب ہے

لہٰذا سب کو چاہئے کہ ناجائز جگہ اس کا استعمال نہ کریں۔ وہ یہ ہے:

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۳﴾ (الحجرات:۱۳)

الّف بین فلاں بن فلاں و فلاں بنت فلانة کما الّفت بین موسیٰ و ھارون مثلا کلمة طیبة کشجرة طیبة اصلها ثابت و فوعها فی السماء تؤتی اکلها کل حین باذن ربها و یضرب الله الامثال للناس لعلهم یتذ کرون

نقش برائے دفع جن

جس گھر میں جن آواز دیتا ہو یا ڈراتا ہو، اس کو لکھ کر دروازہ پر لگا دے۔ جن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بحق جبرئیل ؑ یا بدوح

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

اعمالِ اولیاء اللہ و بزرگانِ دین رحمہم اللہ کے نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

امام غزالی رحمہ اللہ

عورت کے گھر سے نکلنے کی بندش

جو عورت گھر سے بغیر اجازت نکل جاتی ہو تو ان شاء اللہ نہ نکل سکے گی۔ مندرجہ ذیل عبارت کاغذ پر لکھ کر گھر میں دفن کر دو اور اس کے اوپر بھاری پتھر رکھ دو۔ عبارت یہ ہے: اللّٰھم حرست ووقیت وربطت فلانہ بنت فلان (یہاں اس عورت اور اس کے والد کا نام لکھیں) حتی لا تخرج من مکانھا انہ علی رجعہ لقادر فمالہ من قوۃ ولا ناصر جئنا بکم لفیفا وقفوھم انھم مسئولون فلانۃ بنت فلان (یہاں بھی وہی نام لکھیں) حتی لا تخرج من بیتھا وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم۔

قطب عالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ

برائے آسیب زدہ

اسمائے اصحاب کہف بعبارت ذیل کاغذ پر لکھ کر جس مکان میں مریض یا مریضہ ہو، اس کی دیواروں پر جگہ جگہ چسپاں کر دئے جاویں اور بیس (۲۰) کا نقش مندرجہ ذیل ایک غذ پر لکھ کر مریض کو دکھایا جاوے۔ وہ دیکھنے سے گھبرائے گا اور انکار کرے گا مگر زبردستی اس کی نظر اس پر ڈلوائی جاوے اور جبراً نقش کو تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جاوے۔ اسماء اصحاب کہف یہ ہیں: اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوْطَطْ۔ طَبْیُوْنُسْ۔ کَشَافَطْیُوْنُسْ۔ اَذَرْفَطْیُوْنُسْ۔ یُوَانِسْ بُوْسْ وَ کَلْبُھُمْ قَطْمِیْرْ وَ عَلَی اللہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَ مِنْھَا جَآئِرٌ وَ لَوْ شَآءَ لَھَدٰ کُمْ اَجْمَعِیْنَ۔ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

۷۸۶

۸	۲	۴	۲
۲	۴	۲	۸
۲	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۲

علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ

نظر بد سے نجات کا تعویذ

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد کی شکایت ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ بہت مفید ہے۔ باوضو اس کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری لگا کر گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات حاصل ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللہِ التَّامَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ حَصَنْتُکَ بِحِصْنِ اَلْفَ اَلْفٍ

حضرت مولانا عبداللہ درخواستیؒ

رشتہ کا مطالبہ ماننے کے لیے

رشتہ کے لئے یہ تعویذ چاند کی پہلی تاریخ کو لکھیں اور طالب اپنے بازو پر باندھے اور پھر ان سے رشتہ کا مطالبہ کریں۔ تعویذ یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ قُلۡ اِنَّ الۡفَضۡلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ يَخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ۔ يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا خَيۡرِ خَلۡقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ۔

حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمہ اللہ

برائے حب

ب سم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب انی مغلوب فانتصر

بحب فلاں فلاں

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

نوچندی منگل کی پہلی ساعت میں لکھا جائے اور روئی میں لپیٹ کر طالب باندھ کر مطلوب کے پاس جاوے۔

نوٹ: بحب فلاں کے بجائے طالب و مطلوب کے نام تحریر کئے جائیں۔

حضرت مولانا انظر شاہ صاحب رحمہ اللہ

محبت کے لیے

اگر اسم اعظم ''اللہ'' کو کانسہ یا سونے کی تختی پر دن میں لکھا جائے یا چاندی کی تختی پر چاندنی رات میں لکھا جائے تو محبت کے لئے لاجواب ہے اور تیر بہدف ہے۔

حضرت شیخ الحدیث مفتی سحبان محمود قدس سرہٗ

سر درد کے لیے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الۡكَبِيۡرِ اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ الۡعَظِيۡمِ مِنۡ شَرِّ كُلِّ عِرۡقٍ نَعَّارٍ وَّمِنۡ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

باوضو سارہ کاغذ پر لکھ کر اپنے سر میں باندھ لیں۔

حضرت مولانا شفیق الرحمن درخواستی

غیب سے رزق عطا ہو

بعد نمازِ جمعہ پاک وصاف ہونے کی حالت میں ۵ ۳ مرتبہ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ اَحۡمَدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ غیب سے رزق عطا ہوگا اور رزق میں کشادگی ہوگی۔

استاذ محترم شیخ العاملین حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ کے مجرب نورانی تعویذات

برائے حب زوجین

اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکایا جائے۔ ان شاء اللہ تھوڑے عرصہ میں میاں بیوی میں ایسی محبت ہوگی کہ لوگ حیران ہوں گے۔

حب

اس تعویذ کو عطر اور خوشبو لگا کر دائیں بازو پر باندھیں۔ مجرب ہے۔

فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم			
یحبونھم کحب اللہ یا غفار ۱۰	والذین آمنوا اشد حبا للہ یا کریم ۱	والقیت علیک محبة منی یا کریم ۱۱	انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۸
انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۱۲	والقیت علیک محبة منی یا کریم ۷	والذین آمنوا اشد حبا للہ یا رحیم ۲	یحبونھم کحب اللہ یا لطیف ۱۳
والذین آمنوا اشد حبا للہ یا لطیف ۶	یحبونھم کحب اللہ یا رحمٰن ۹	انہ لحب الخیر لشدید یا رحیم ۱۲	والقیت علیک محبة منی یا رحمٰن ۳
والقیت علیک محبة منی یا رحمٰن ۱۵	انہ لحب الخیر لشدید یا ودود ۴	یحبونھم کحب اللہ یا کریم ۵	والذین آمنوا اشد حبا للہ یا رحیم ۱۰

الحب فلان بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے حب

اس نقش کو لکھ کر دریا کے کنارے ایک بالشت کا فاصلہ رکھ کر دفن کریں اور دوسرا پلائیں اور تیسرا درخت کے ساتھ لٹکائیں۔

عمل برائے جدائی

اگر دو کے درمیان جدائی منظور ہو تو اس نقش کو منگل کے دن نزول ماہ کی ساعت زحل میں لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے۔

نقش یہ ہے:

یاقاھر	ذالبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامہ
انت الذی	لایطاق	انتقامہ	یاقاھر

نوٹ: جو لوگ بھی ان تعویذات سے استفادہ کریں، وہ استاذ محترم رحمہ اللہ کو ایصال ثواب ضرور کریں۔ ان شاء اللہ، ضرور کامیاب ہوں گے۔

مولانا حسن الہاشمی (دیوبند انڈیا) کی مشہور زمانہ کتب جو کہ علوم روحانی کا گنجینہ گراں نما ہیں

آیت الکرسی کی عظمت وافادیت
یہ کتاب کئی اہم رازوں سے پردہ اٹھاتی ہے۔ یہ وہ عظیم آیت ہے جس کے نزول کے وقت 70 ہزار فرشتے برائے حفاظت آئے۔
صفحات: 48۔ قیمت: 300 روپے

اعداد کا جادو
بذریعہ اعداد ہزاروں سوالوں کا صحیح جواب دینے والی ایک نادر کتاب، خفیہ سوالوں کے حیران کن جواب دینے والی ایک حیرت انگیز کتاب۔
صفحات: 112۔ قیمت: 500 روپے

سورۃ یٰسین کی عظمت
افسران وحکام کو مہربان کرنے کے لیے، آسیب سے حفاظت، اچانک کسی مشکل میں پھنس جانا، ادائیگی قرض کے لیے، جن یا جادو سے حفاظت کے لئے۔
صفحات: 56۔ قیمت: 300 روپے

بچوں کے نام رکھنے کا فن
علم دین، علم نجوم، علم اعداد اور علم الحروف کی روشنی میں اچھا نام، ماں باپ کی طرف سے اپنے بچوں کے لیے پہلا تحفہ۔
صفحات: 224۔ قیمت: 675 روپے

بسم اللہ کی عظمت وافادیت
بسم اللہ کے روحانی فوائد پر ایک قیمتی کتاب۔ بسم اللہ کے موضوع پر ایک عظیم کتاب جو اہم رازوں سے پردہ اٹھاتی ہے۔ بسم اللہ کے اہم راز اور فوائد کیا ہیں؟
صفحات: 80۔ قیمت: 400 روپے

تحفۃ العاملین
فن عملیات کی ایک مستند کتاب۔ شائقین عملیات کے لیے یکساں مفید۔ یہ کتاب فن عملیات کے پوشیدہ رازوں سے پردے ہٹاتی ہے۔
صفحات: 303۔ قیمت: 900 روپے

اعمال حزب البحر
روحانی علوم پر مشتمل ایک اثر انگیز کتاب، اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں یہ کتاب آپ کو مقاصد حسنہ میں کامیابی سے ہمکنار ہونے کے گر بتاتی ہے۔
صفحات: 48۔ قیمت: 270 روپے

کرشمہ اعداد
اعداد کی قوت کیا ہے اور اعداد کے ذریعے زندگی کے اہم ترین سوالات کے جوابات کس طرح دیتے ہیں، یہ جاننے کے لیے کرشمہ اعداد کا مطالعہ کریں۔
صفحات: 120۔ قیمت: 420 روپے

سورۂ مزمل کی عظمت وافادیت
ایک مؤثر ترین کتاب جو اہم موضوعات اور روحانی عملیات پر مشتمل ہے، کتاب روحانی خزانوں سے بھرپور ایک انمول کتاب۔ صفحات: 110، قیمت: 400 روپے

مجموعہ آیات قرآنی
منزل کی عظمت وافادیت، آیات حفاظت، آیات شفا، آیات رزق وغیرہ۔
صفحات: 48۔ قیمت: 300 روپے

کشکول عملیات
روحانی عملیات کا قابل قدر ذخیرہ۔ جو لوگ روحانی عملیات کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں ان کے لیے ایک بیش بہا نعمت۔ صفحات: 208۔ قیمت: 625 روپے

علم الحروف
حروف کی حقیقت، اصلیت، قوت اور روحانیات کے موضوع پر ایک عظیم الشان کتاب۔
صفحات: 144۔ قیمت: 500 روپے

تعلقات اعداد
اعداد کی باہمی دشمنی اور دوستی پر مفصل روشنی ڈالنے والی ایک عجیب وغریب کتاب۔ اعداد کے ذریعہ جوابات حاصل کرنے کا ایک عجیب وغریب طریقہ۔
صفحات: 96 قیمت: 500 روپے

جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے
جانوروں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر مختلف فارمولوں پر مشتمل ایک مفید کتاب۔ جانوروں کی افادیت پر بہترین کتاب۔
صفحات: 110۔ قیمت: 500 روپے

پتھروں کی خصوصیات
حق تعالیٰ نے نگینوں اور پتھروں میں خصوصی افادیت رکھی ہے، اس کتاب کا مطالعہ کرکے اپنی معلومات میں اضافہ کریں۔
صفحات: 144۔ قیمت: 500 روپے

اسمائے حسنیٰ کے ذریعے علاج
(اول، دوم)
اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ جسمانی وروحانی علاج، یہ کتاب اسمائے حسنیٰ کے معارف واسرار سے پردے ہٹاتی ہے۔
صفحات: 640 قیمت: 1900 روپے

سورۂ رحمن کی عظمت وافادیت
حق تعالیٰ کی نعمتوں کی تشریح کرنے والی ایک دلچسپ اور معلوماتی کتاب۔ صفحات: 142۔ قیمت: 500 روپے

سورۂ فاتحہ کی عظمت وافادیت
دور حاضر کی ایک نادر کتاب، سینکڑوں امراض کا روحانی علاج۔ صفحات: 129۔ قیمت: 400 روپے

علم الاسرار
پوشیدہ اور مخفی علوم کا خزانہ، اپنے موضوع پر ایک مؤثر ترین کتاب۔ صفحات: 192۔ قیمت: 575 روپے

اعمال ناسوتی
صوفیوں، درویشوں اور ولیوں کے مخصوص اعمال۔
صفحات: 48۔ قیمت: 260 روپے

اعداد کی دنیا
اعداد اپنی زبان میں کیا کہتے ہیں اور انسان کے ظاہر وباطن سے کس طرح پردے ہٹاتے ہیں ایک زبردست معلوماتی کتاب۔ صفحات: 141 قیمت: 550 روپے

اعداد بولتے ہیں
اعداد کی زبان سمجھنے کے لیے ایک انمول کتاب۔ علم الاعداد سے دلچسپی رکھنے والے حضرات اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں۔ صفحات: 319۔ قیمت: 700 روپے

مشکلات کا روحانی حل
زہریلا جانور کاٹ لے، گردے کی پتھری کا علاج، دشمن غالب نہ آسکے، ہاروت ماروت کا جادو، جنات کو تابع کرنے کا ذوق وغیرہ۔ صفحات: 48۔ قیمت: 400 روپے

زبردست آفر
3 کتب خریدنے پر 15% ڈسکاؤنٹ
6 کتب خریدنے پر 20% کرڈسکاؤنٹ

خاص خاص نورانی تعویذات

پیر صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا)

ہر ضرر پہنچانے والی چیز سے محفوظ رہے

اَلَا وَاکْفِنِیْ یَاذَا الْجَلَالِ بِکَافِ کُنْ

بِنَصِّ حَکِیْمٍ قَاطِعِ السِّرِّ اَسْبَلَتْ

وَخَلِّصْنِیْ مِنْ کُلِّ هَوْلٍ وَشِدَّةٍ

بِنَصِّ حَکِیْمٍ قَاطِعِ السِّرِّ اَسْبَلَتْ

اگر کوئی فرد ان اشعار کو اس مربع کے گرد تحریر کرے یعنی ایک ایک مصرعہ چاروں طرف لکھے اور پھر اسے عود، لوبان کا بخور دے کر اپنے پاس رکھے تو وہ ہر ضرر پہنچانے والی چیز سے محفوظ رہے۔ دشمنان کے شر سے محفوظ رہے۔

۷۸۶

وَلَا یَوُدُہٗ	حِفْظُهُمَا وَهُوَ	الْعَلِیُّ	الْعَظِیْمُ
حِفْظُهُمَا وَهُوَ	الْعَلِیُّ	الْعَظِیْمُ	وَلَا یَوُدُہٗ
الْعَلِیُّ	الْعَظِیْمُ	وَلَا یَوُدُہٗ	حِفْظُهُمَا وَهُوَ
الْعَظِیْمُ	وَلَا یَوُدُہٗ	حِفْظُهُمَا وَهُوَ	الْعَلِیُّ

ضیق النفس، سر درد اور وساوس سے نجات

جو کوئی مندرجہ ذیل خاتم کو لکھے اور اس کے ارد گرد مندرجہ ذیل کا شعر بھی تحریر کرے اور خاتم کے نیچے یہ حروف بھی تحریر کرے پھر اسے لوبان کا بخور دے کر ضیق النفس یا سر درد کے مریض کے گلے میں ڈالے تو اسے صحتِ کاملہ نصیب ہوگی۔ ایسا فرد جسے وسوسے اور غلیظ خیالات آتے ہوں اگر اپنے گلے میں ڈالے تو نجات پائے گا۔ خاتم اور حروف یہ ہیں۔ ملو خ ح خ وو و کالشطهطل عهد اور شعر یہ ہے:

بِتَعْدَادِ اِیْزَامٍ بِسَنْدَادِ کَاهِرٍ

بِبَهْرَاةٍ تَبْرِیْزٍ بِلَامٍ تَکَوَّنَتْ

۲۳	سمطع	۲۸
۱۸	مهیطل	۲۵
۱۲	وکهول	۷۲

ماہِ رجب کا خاص تعویذ

رجب کی یکم تاریخ کو حروف نورانی کا یہ نقش مربع لکھ کر چاندی کی انگوٹھی میں پہننے والا یہ فوائد حاصل کرے گا۔

الف: خوف سے امن نصیب ہوگا۔

ب: افسروں سے لطف و مراعات حاصل ہوں گی۔

ج: غصہ دور ہوگا۔

د: انگوٹھی چومنے سے پیاس دور ہوگی۔

ھ: بارش کے پانی سے دھو کر انگوٹھی پہنے تو حافظہ تیز ہوگا۔

و: کنواری لڑکی یا لڑکا پہنے تو جلد شادی کا بندوبست ہوگا۔

ز: مرگی والے کے ہاتھ میں انگوٹھی پہناؤ گے تو مرض دور ہوگا۔

ح: درد زہ والی عورت کو پہناؤ گے تو وضع حمل میں آسانی ہوگی۔

ط: کندر پر یہ نقش لکھ کر سحر زدہ کو دھونی دو۔ سحر کا اثر دور ہوگا۔

۷۸۶

عٓسٓقٓ	طٰسٓ	حمٓ قٓ	الٓرٰ
احد مالک	کافی ملک	نافع	رحمٰن
محمد بکر	ملک رب	اللہ	کفیل
حٰمٓعٓسٓقٓ	طٰسٓ	الٓمٓصٓ	صٓ قٓ نٓ

برائے حمل

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یا حمل ضائع ہو جاتا ہو۔ ایسی عورت کے لئے مندرجہ ذیل عمل تحریر کر کے تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیں

تاکہ تعویذ پیٹ پر آویزاں رہے۔ ان شاء اللہ چند ماہ میں حمل ٹھہر جائے گا۔ اور ضائع نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے:

مطلس مبلوس اذونی اهیّا اما یَاحُیّ یَاقیومُ کهیعص حمعسق فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللہُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ وَلَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ العلِیِ العظیمِ۔

جادو سے نجات

اگر کسی کاغذ پر حرف ''ز'' کو اس وقت جب آفتاب برج جدی میں ہو مریخ کی ساعت میں ۷۵ مرتبہ کسی چمڑے پر لکھ کر کسی ویرانے میں دفن کردے تو اس سحر زدہ کو فائدہ ہو۔ لکھنے کے بعد سحر زدہ کا نام مع والدہ لکھ دینا چاہیئے۔

گھر کی سحر و جنات سے حفاظت

اگر کوئی شخص حرف قاف کا مربع لکھ کر اسے عود عنبر کا بخور دے کر جس گھر میں آویزاں کردے تو وہ گھر سحر اور جنات کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ہمارے مجربات میں سے یہ طریقہ اس طرح ہے کہ ہم حرف (ق) کو ایک سو (100) مرتبہ لکھ کر سحری و آسیبی اثرات والے گھر میں آویزاں کرادیتے ہیں تو وہ گھر سحر جادو اور آسیب و جنات سے محفوظ ہوجاتا ہے۔

مربوط اور مسحور کا علاج

مربوط اور مسحور کے علاج کے لیے مندرجہ وفق مشک و زعفران اور عرق گلاب سے تحریر کریں۔ پھر اس کو عود اور جاوی کا بخور دیں۔ اور مربوط و مسحور کے گلے میں آویزاں کردیں۔ بے شک وہ صحیح ہوجائے گا۔ وفق یہ ہے۔

قوله	۷۸۶	جبرائیل	۷۸۶	الحق
کهیعص	۲	۹	۴	حمعسق
اسرافیل	۷	۵	۳	عزرائیل
کهیعص	۶	۱	۸	حمعسق
وله		میکائیل		الملک

اگر کسی کنواری کی شادی نہ ہوتی ہو

سحر جادو کی وجہ سے بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کنواری لڑکیوں کے لیے رشتہ کے پیغام آتے ہیں مگر کسی وجہ سے بات پکی نہیں ہوتی۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہیں سے رشتہ ہی نہیں آتا۔ بعض حسد اور دشمنی کی وجہ سے کنواری لڑکیوں کا بخت باندھ دیتے ہیں۔ اور ایسی مسحور لڑکیاں اپنے بابل کے گھر بیٹھی ہی بوڑھی ہوجاتی ہیں۔ ایسی تمام صورتوں میں یہ عمل بہترین ہے اور بیٹیوں کے لیے نوید مسرت ہے۔ علاج یہ ہے کہ کنواری لڑکی کے لیے سورۂ رحمن جمعہ یا سوموار کے دن کسی سفید کاغذ پر زعفران کی روشنائی سے عطارد کی ساعت میں تحریر کریں۔ پھر لڑکی کا نام معہ والدہ تحریر کریں۔ پھر یہ عبارت تحریر کریں۔ اور لڑکی کے گلے میں ڈال دیں۔

یَاجَمَاعَۃَ الرِّجَالِ سَلَبَتْ عَقُوْلَکُمْ (یہاں لڑکی کا نام معہ والدہ تحریر کریں) کَسَلْبِ الثَّمْرَۃِ مِنْ شَجَرَتِهَا وَ الْحَبَّۃَ مِنْ اَکْمَامِهَا وَ الزَّهْرَۃَ مِنْ هَیَا کِلِهٖ وَ الْقَیْتُ عَلَیْکُمْ مَحَبَّۃً وَّ عَطْفًا وَّ حَنَانًا وَّ تَخَیُّلاً وَّ عِشْقًا لَاطَاقَۃَ لَکُمْ بِالْجُلُوْسِ وَلَا بِالْقُعُوْدِ حَتّٰی یَتَزَوَّجَهَا اَحَدٌ مِّنْکُمْ وَاَبْطَلْتُ تَعْطِیْلَهَا وَاَنْتَ تَزْوِیْجَهَا یَاخَلْقَانِیَّۃَ حَرِّکُوْا الْاَرْوَاحَ الرُّوْحَانِیَّۃَ السَّاکِنَۃَ فِیْ قُلُوْبِ الْاَجْنَبِیِّیْنَ فَیَنْظُرُوْا اِلٰی (لڑکی کا نام معہ والدہ تحریر کریں) فَیُبْصِرُوْنَهَا فِیْ اَعْیُنِهِمْ کَالشَّمْسِ الْمُنِیْرَۃِ اَوْ کَنَظَرِ زُلَیْخَا اِلٰی یُوْسُفَ عَلَیْهِ السَّلَامُ۔ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللہَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ۔ وَیُحِقُّ اللہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ وَلَوْ کَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ۔

سحری اثرات سے نجات

علامہ شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی نے فرمایا کہ حق تعالیٰ کے چار (4) اسماء کا نقش آتشی چال سے سحر کو دفع کرنے میں بے حد مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ طریقہ علاج یہ ہے کہ آتشی چال سے ان اسماء کا نقش چار (4) طریقوں سے تیار کیا جائے۔ ایک نقش مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ایک نقش دائیں بازو پر ایک نقش بائیں بازو پر باندھیں اور ایک نقش جہاں مریض سوتا ہے وہاں لٹا

طریقۂ استعمال: تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ لکھیں۔ پھر اوّل و آخر 11 بار درود شریف، 1100 بار یا مغنی اور 11 بار سورۂ مزمل پڑھ کر تعویذ پر دم کریں۔ تعویذ پر اعلیٰ خوشبو کا عطر لگائیں۔ پھر سائل کو پاس رکھنے کے لیے دیں۔ سائل کو ہدایت کریں کہ 1100 بار یا مغنی اور 11 بار سورۂ مزمل، اوّل و آخر گیارہ (11) بار درود شریف کے ساتھ 40 یوم اس تعویذ پر دم کرے۔ جو سائل یہ تعداد نہ پڑھ سکتے ہوں، وہ یا مغنی 110 بار اور سورۂ مزمل 2 بار، اوّل و آخر ایک (1) بار درود شریف کا دم روزانہ کیا کریں۔ ہفتہ میں ایک (1) بار تعویذ کو خوشبو کی دھونی دینے کا اہتمام کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ، بہت عرصہ تک اس تعویذ کا فیض جاری رہے گا۔

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ 651 بار

آج کل نظر بد کا معاملہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔ نظر بد انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں اور ہر چیز پر لگ سکتی ہے۔ ہر ایسی چیز جس کو دیکھ کر رشک یا حسد ہو جیسے گاڑی، گھر، کپڑے، جیولری، موبائل، گھڑی، برتن، فرنیچر، اوّلاد، شان و شوکت، عہدہ وغیرہ۔ یہ تعویذ جس مقصد سے دیا جائے گا، وہ ان شاء اللہ قائم رہے گا اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

طریقۂ استعمال: تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر ''مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه'' کو چھ سو اکیاون (651) بار، اوّل و آخر گیارہ (11) بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کریں۔ اچھی خوشبو کا عطر لگائیں اور بخور کی دھونی دیں۔ سائل کو پاس رکھنے کو دیں اور تاکید کریں کہ چھیاسٹھ (66) بار، اوّل و آخر ایک (1) بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ چالیس (40) دن بعد بارہ (12) مرتبہ، اوّل و آخر ایک (1) بار درود شریف کا معمول رکھے۔

....................*..........*

یابدیع العجائب بالخیر یابدیع 1200 بار

ہر طرح کی جائز حاجت پوری ہونے کے لیے ایک بہت مجرب عمل ہے اور کئی بزرگان دین، علمائے کرام اور عاملین نے اس عمل پر اعتماد ظاہر کیا

ہے۔ اس عمل کا تعویذ بھی ہر جائز حاجت پوری ہونے میں بہت مفید ہے۔

طریقۂ استعمال: تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر ''یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ'' کو بارہ سو (1200) بار، اوّل و آخر گیارہ (11) بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کریں۔ اچھی خوشبو کا عطر لگائیں اور بخور کی دھونی دیں۔ سائل کو پاس رکھنے کو دیں اور تاکید کریں کہ ایک سو بیس (120) بار، اوّل و آخر تین (3) بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ چالیس (40) دن بعد بارہ (12) مرتبہ، اوّل و آخر ایک (1) بار درود شریف کا معمول رکھے۔

....................*..........*

تہدیدی نامہ/حرز ابودجانہ رضی اللہ عنہ برائے دفع جنات و شیاطین

یہ تعویذ شیاطین و جنات کو گھر سے نکالنے، مریض پر سے اثرات ختم کرنے، بچوں و بڑوں میں سوتے وقت ڈر و خوف سے نجات کے لیے، گھر دکان و جگہ کی نقصان دہ غیبی مخلوق سے حفاظت کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس کی روایت اگرچہ ضعیف ہے لیکن عاملین اور روحانی معالجین اس تعویذ کے اثرات کے قائل ہیں۔

هٰذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝ اِلٰى مَنْ يَطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ. اَمَّا بَعْدُ! فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَاعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا فَهٰذَا كِتَابٌ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ اَمِيْنَ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

صلی اللہ علیہ وسلم یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام محض اپنے فضل و کرم سے

وصلی اللہ علیہ وسلم

طریقۂ استعمال: مریض کو پاس رکھنے، تکیہ کے نیچے رکھنے، مریض کے کمرے میں لگانے، آسیب زدہ جگہ پر لگانے کے لیے دیا جاتا ہے۔ جگہ پر اندر کمروں میں بھی لگائیں لیکن ایسی جگہ بھی لگائیں جہاں دھوپ پڑے اور ہوا بھی لگے یا ہوا سے ہلے۔ اس سے تاثیر میں کافی اضافہ ہوجائے گا جیسے گھر کے باہر کوئی درخت ہو یا گھر کی چھت پر۔

....................*..........*

جمیع مسائل کا حل، امراض سے شفا اور جنات کے اثرات سے نجات

یہ نقش نہایت سریع الاثر اور جمیع حاجات کے لیے مجرب ہے۔ ایسے مسائل جن کا حل سمجھ میں نہ آتا ہو، ان کے لیے سائل کو یہ نقش دیں اور تلقین کریں کہ ہر نماز کے بعد سورۂ اخلاص دس (10) مرتبہ اور چہل کاف کو مغرب کے وقت سورۂ اخلاص کے بعد دس (10) مرتبہ معمول میں رکھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل ھو	اللہ احد	اللہ الصمد	لم یلد	ولم یولد	ولم یکن	لہ کفوا	احد
۳۴۳	ح	ی	ق	ی	و	م	۴۱۵
۳۹	۱۵۲	۱۳۹	۱۳۱	۱۳۳	۱۳۰	۱۰۹	۱۵۳
۹	۱۵۹	۱۳۵	۱۳۹	۱۹۳	۱۲۵	۹۵	۹۴
۱۰۸	۱۹۳	۱۳۹	۱۳۵	۱۵۰	۹۷	۹۹	۹۲
۳۳	۱۹۷	۱۵۷	۱۹۹	۱۷۹	۵۶	۱۷۷	۳۴
۱۴	۱۸۵	۳۹	۱۲۳	۱۲۲	۳۱۴	۱۹۵	۱۳
۱۵۸	۸۹	۱۵۵	۵۰	۱۰۷	۱۱۰	۱۳۹	۱۸۷

کفاک ربک کم یکفیک واکفۃ یاکاف کف کافہا الکفاک مکنا لکفیل تکر کراکر الکرکی کید یاکیل تجلی مشکف کلکلک لکلکا یاکاف کفاک مابی کفاک الکاف کریک یاکبیر یاکوکب انت تحکی کوکب الفلک یارب یارب یارب

طریقۂ استعمال: تعویذ کے نیچے مریض کا نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر دس (10) مرتبہ سورۂ اخلاص اور دس (10) مرتبہ چہل کاف دم کریں۔ اعلیٰ خوشبو کا عطر لگائیں۔ مریض کے دائیں بازو پر بندھوائیں یا گلے میں ڈلوائیں۔ ہفتہ میں ایک (1) بار تعویذ کو خوشبو کی دھونی دینے کا اہتمام کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ، بہت عرصہ تک اس تعویذ کا فیض جاری رہے گا۔

نوٹ: مریض کو پڑھنے کے لیے جو چہل کاف دیا جائے گا، وہ عامل اپنے والا بھی دے سکتا ہے۔

امان ازہر آفات

ہر طرح کی آفت سے حفاظت کے لیے مجرب تعویذ۔ حادثات سے حفاظت کے لیے بہت خاص ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَآءْ لَمْ يَكُنْ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَّاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ۔ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

طریقۂ استعمال: سائل کا نام مع والدہ تعویذ کے نیچے لکھیں۔ اگر کسی گاڑی میں رکھنا ہو تو گاڑی کے مالک کا نام مع والدہ اور گاڑی کا نمبر لکھیں۔ پھر روحانی عطر حفاظت لگا کر سائل کو دے دیں۔

ہر جائز مقصد کے لیے

یہ نقش ہر مقصد اور حب کے لیے انتہائی کارآمد ہے۔

طریقۂ استعمال:

۱) برائے ہر مقصد: تین (3) تعویذ لیں اور ہر تعویذ کے نیچے مقصد تحریر کریں۔ ایک تعویذ طالب اپنے پاس رکھے۔ ایک پھل دار درخت کے ساتھ لٹکا دیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے۔ ایک تعویذ چلتے ہوئے پانی میں بہا دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اجب یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتائیل یا تنکفیل سامعًا مطیعًا بحق
یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح
یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح
یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح
یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح
یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح
یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح یابدوح

۲) برائے حب: پہلے طریقے کے مطابق تین (3) تعویذ تیار کریں۔ پھر زعفرانی سیاہی سے روغنی کاغذ پر مزید تین (3) تعویذ تیار کریں اور ایک تعویذ تین (3) دن کے حساب سے مطلوب کو پلائیں۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

یہ خاص تعویذ ایک کثیر الفوائد تعویذ ہے۔ ہر طرح کے غم سے نجات، مشکلات سے نجات، جادو جنات اور شیطانی اثرات سے نجات، جائز حاجات کا حصول...... الغرض ہر جائز مقصد کے لیے

۷۸۶

لاحول	ولاقوۃ	الاباللہ	العلی العظیم
العلی العظیم	الاباللہ	ولاقوۃ	لاحول
ولاقوۃ	لاحول	العلی العظیم	الاباللہ
الاباللہ	العلی العظیم	لاحول	ولاقوۃ

کلکلہ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام محض اپنے فضل و کرم سے

استعمال کیا جاتا ہے۔

طریقۂ استعمال: تعویذ کے نیچے سائل کا نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔ عطر لگا کر موم جامہ کر کے اکیس (21) بار پڑھ کر تعویذ پر دم کریں اور سائل کو پاس رکھنے یا گلے میں ڈالنے کے لیے دیں۔ سائل کو کہیں کہ روزانہ تین (3) مرتبہ پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ ہفتے میں ایک (1) بار تعویذ کو خوشبو کی دھونی دیا کرے۔

..................*.........*

ہر بیماری خاص کر لاعلاج بیماری سے شفاء کیلئے

سورۂ فاتحہ اور خاص دعا کا تعویذ جو ہر طرح کی چھوٹی اور بڑی یہاں تک کہ لاعلاج بیماری کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

طریقۂ استعمال: تعویذ کے نیچے مریض کا نام معہ والدہ اور بیماری کی مختصر تفصیل لکھیں۔ عطر لگا کر موم جامہ کر کے سورۂ فاتحہ پندرہ (15) بار اور یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَ بَقَائِهٖ یَاحَیُّ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۔ یاحی حین لا حی فی دیمومة ملکه و بقائه یاحی. یا اللہ یارحمٰن یارحیم یاحی یاقیوم یاذوالجلال والاکرام محض اپنے فضل و کرم سے

کو   سے شفائے کاملہ عطا فرما

مرتبہ پڑھ کر تعویذ پر دم کریں اور سائل کو پاس رکھنے یا گلے میں ڈالنے کے لیے دیں۔ سائل کو کہیں کہ روزانہ سورۂ فاتحہ چھ (6) بار اور یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَ بَقَائِهٖ یَاحَیُّ چار (4) مرتبہ پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ ہفتے میں ایک (1) بار تعویذ کو خوشبو کی دھونی دیا کرے۔

..................*.........*

اللھم افتح لی ابواب رحمتک: 1315 بار

جو لوگ چاہتے ہیں کہ ان کی جگہ پر رحمت کے دروازے کھل جائیں، اس جگہ پر اور جگہ کے رہنے والوں پر رحمت کا نزول ہو تو اس تعویذ کو استعمال کیا جائے۔ جہاں رحمت آنا شروع ہوگی، وہاں سے بے برکتی، نحوست، ہر

قسم کے نقصان دہ روحانی اثرات ختم ہوتے جائیں گے۔ یاد رہے کہ گناہوں سے رحمت کی جگہ زحمت آ جاتی ہے۔ اگر اس جگہ پر اعلانیہ گناہ ہوتے رہیں تو صرف تعویذ لگانے سے رحمتوں کا نزول نہیں ہوگا۔

طریقۂ استعمال: تعویذ کے نیچے سائل کا نام معہ والدہ، جگہ کا پتہ اور مقصد لکھیں۔ عطر لگا کر موم جامہ کر کے تیرہ سو پندرہ (1315) بار، اوّل و آخر تیرہ (13) بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کریں اور سائل کو جگہ پر لگانے کے لیے دیں۔ سائل کو کہیں کہ روزانہ ایک چھتیس (136) مرتبہ، اوّل و آخر چار (4) بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کرتا رہے۔ چالیس (40) دن بعد انیس (19) مرتبہ، اوّل و آخر ایک (1) بار درود شریف کا معمول رکھے۔ ہفتے میں ایک (1) بار تعویذ کو خوشبو کی

دھونی دیا کرے۔

* * * * * * *

علاج سحر المرض

بیمار کرنے والے جادو سے نجات کا خاص تعویذ۔ جادو کی وجہ سے بیماری بننا شروع ہوئی ہو، کافی حد تک بن گئی ہو یا پھر مکمل بن گئی ہو...... ہر طرح

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَآءٍ يُّؤْذِيْكَ وَمِنْ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ.
اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا.

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

۲۱۰۸ / ۱۳۲۳	۲۱۱۱ / ۱۳۲۶	۲۱۱۴ / ۱۳۲۹	۲۱۰۰ / ۱۳۱۶
۲۱۱۳ / ۱۳۲۸	۲۱۰۱ / ۱۳۱۷	۲۱۰۷ / ۱۳۲۲	۲۱۱۲ / ۱۳۲۷
۲۱۰۲ / ۱۳۱۸	۲۱۱۶ / ۱۳۳۱	۲۱۰۹ / ۱۳۲۴	۲۱۰۶ / ۱۳۲۱
۲۱۱۰ / ۱۳۲۵	۲۱۰۵ / ۱۳۲۰	۲۱۰۳ / ۱۳۱۹	۲۱۱۵ / ۱۳۳۰

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ. وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ. وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ. فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ. وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ. قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ. يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ.

کے بیمار کرنے والے جادو سے نجات کا بہت ہی مجرب عمل ہے۔ کیسا ہی سخت جادو ہوا اور کیسا ہی سخت مرض مسلط کر دیا گیا ہو، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ مدت علاج اکیس (21) یوم ہے۔

طریقۂ استعمال: پرنٹ تعویذ کے نیچے مریض کا نام مع والدہ تحریر کریں۔ پھر جو کلام تعویذ میں لکھا ہے، اس کو سات (7) بار پڑھ کر تعویذ پر دم کریں اور مسحور کے گلے میں ڈالیں۔ ساتھ ہی ایک تعویذ زعفرانی سیاہی سے روغنی کاغذ پر لکھ کر دیں اور تاکید کریں کہ عرقِ گلاب کی بڑی بوتل میں ڈال کر روزانہ صبح و شام دو گھونٹ عرق پینا ہے اور اکیس (21) یوم تک ایسا ہی کرنا ہے۔

نوٹ: زعفرانی سیاہی والے تعویذ روحانی دکان میں دستیاب ہیں۔

اثراتِ بد (جادو، جنات، نظرِ بد) کے علاج اور حفاظت کے لیے روحانی دکان پر دستیاب چھپے چھپائے تعویذات

عاملین اور روحانی معالجین کی آسانی کے لیے روحانی دکان پر کئی قسم کے چھپے چھپائے تعویذات دستیاب ہیں۔ تعویذ کی ایک کاپی میں 100 تعویذ ہوتے ہیں۔ مکمل تفصیل کے لیے روحانی دکان کی ویب سائٹ پر جائیں: www.ruhanishop.com

قرآنی سورتوں پر مشتمل تعویذات

مکمل قرآنی سورت لکھی ہوئی۔ مکمل تفصیل کے لیے: https://bit.ly/3MswOhy

سورۃ البقرۃ	سورۂ طٰہٰ	سورۂ یٰس
سورۂ رحمٰن	سورۂ جن	سورۂ مزمل
سورۂ قریش	سورۂ فلق	سورۂ ناس
چاروں قل	معوذتین	سورۂ فلق 21 بار
سورۂ فلق 41 بار	سورۂ ناس 21 بار	سورۂ ناس 41 بار
آخری تین قل	معوذتین 21 بار	سورۂ فلق 12x12

قرآنی آیات پر مشتمل تعویذات

مکمل تفصیل کے لیے: https://bit.ly/3pIILpQ

آیت الکرسی	آیتِ قطب	آیت الکرسی خاص
سلٰم قولا من رب رحیم 817 مرتبہ		
آیت کریمہ 1200 مرتبہ		

قرآنی سورتوں اور آیات والے تعویذات

مکمل تفصیل کے لیے: https://bit.ly/3vQm2fn

بنیادی حصار برائے جادو، جنات و نظر بد	منزل
حفاظت نامہ برائے سحر، آسیب، ہمزاد و آفات	سحر و جادو سے نجات
آیت الکرسی اور چاروں قل	ہر طرح کی بندش ختم

اسماء الحسنیٰ کے تعویذات

مکمل تفصیل کے لیے: https://bit.ly/3HMpeuv

قابض 903 بار	قہار کا 306 مرتبہ	دفع آسیب جنات

نورانی تعویذات

مکمل تفصیل کے لیے: https://bit.ly/3tCxVTm

گھر اور جگہ پر لگانے کا خاص طلسمی تعویذ		دُعائے استعاذہ
حزب البحر	حزب النصر	رقیہ حسد و نظر
حفاظت کا خاص تعویذ	تہدیدی نامہ	علاج سحر المرض
لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم		جنات سے نجات

لعینوں کے نام والے تعویذات

مکمل تفصیل کے لیے: https://bit.ly/3CjYErC

جادو اتارنے کا خاص تعویذ	آسیبی اثرات سے نجات ملے
ایک ہی دن میں آسیبی اثرات سے نجات	ہر طرح کے آسیبی امراض سے نجات کے لیے
سحر، آسیب، جادو کے اثرات سے چھٹکارا	جادو، جنات اور شیطانی اثرات کو جلانا
آسیبی اثرات، بندش، کام میں رکاوٹ، نحوست	ہر قسم کی بندش کا اکیس (21) یوم میں علاج
آسیب و سحر سے نجات	جادو کے اثرات ختم
آسیبی اثرات، جادو سحر سے چھٹکارے کیلئے	آسیبی اثرات سے مکمل ایک دن میں شفاء

بزرگانِ دین سے منسوب تعویذات

اثراتِ بد سے نجات اور حفاظت کے لیے کئی بزرگانِ دین کے تجویز کردہ تعویذات کی۔ مکمل تفصیل کے لیے:

https://bit.ly/3tDPO42

الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت
بحق جبرئیل	بحق میکائیل	بحق اسرافیل	بحق عزرائیل
علیہ السلام	علیہ السلام	علیہ السلام	علیہ السلام

مجرب نورانی تعویذات

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہٗ (کراچی)

مطلوبہ جگہ شادی کے لئے

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر طالب اگر مرد ہے تو سیدھے (دائیں) بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوب ہو جائے گی اور رکاوٹیں از خود دور ہو جائیں گی۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

حضرت ابوبکرؓ — حضرت عمرؓ
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
حضرت عثمانؓ — حضرت علیؓ

فلاں بن فلاں کی شادی فلاں بنت فلاں کے ساتھ ہو جائے۔

برائے ترقی وبرکت دررزق

(از مولانا ناظر حسن صاحبؒ)

مندرجہ ذیل نقش برائے ترقی وبرکت رزق لکھ کر دائیں بازو یا گلے میں باندھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، رزق وافر ملے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

الله	القوی	وهو
یرزق	لطیف	العزیز
بارک لی رب العالمین	من یشاء	بعباده

ہر بیماری کے لئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ال	ق	و	ی
۵	۱۱	۳۰	۱۰۱
۱۲	۸	۹۸	۲۹
۹۹	۲۸	۱۳	۷

برائے دردِ زہ (بچہ کی پیدائش کے لئے)

(بیاض حافظ ضابطہ خاں صاحبؒ)

بچہ کی ولادت کے لئے باوضو لکھ کر ایک بائیں ران پر باندھے۔ سفید کپڑے میں لپیٹ کر اور دوسرا ناف پر باندھے۔

۲ ب	۹ ط	۴ د
۷ ز	۵ ہ	۳ ج
۶ و	۱ ا	۸ ح

گردنامہ برائے واپسی مفرور

(بھاگے ہوئے کی واپسی کے لیے)

اگر ہزار میل پر بھی ہوگا تب بھی واپس لوٹ آئے گا۔ ایک کاغذ پر لکھ کر چرخہ کے باندھ کر گھمائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آ جائے گا۔ لکھنے سے پہلے پانچ (5) روپے کی شیرینی بچوں میں تقسیم کر دے۔

خاص خاص نورانی تعویذات

حکیم فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی (دیپالپور)

بخت بستہ کرنا

جب کوئی ظالم و فاسق مخلوق خدا کو بہت ناجائز تنگ کرتا ہو تو اللہ الصمد باموکل بمعہ نام ظالم و مادر لکھ کر پرانی قبر میں پیروں کی طرف دفن کریں پس اس ظالم کا بخت ایسا بستہ ہوگا کہ تمام اس کے کاروبار درہم برہم ہوکر ہر قسم کی تنگی واقع ہوجائے گی۔

خواب بند کرنا

اگر کسی ظالم فاسق کی نیند بند کرنی ہو کہ دن رات میں کسی وقت نہ سوئے تو نام دشمن بمعہ والدہ اللہ الصمد باموکیل کے ساتھ بروز بدھ وقت طلوع آفتاب ساعت عطارد میں لکھ کر زیر آتش دفن کردیں۔ تاکہ گرمی پہنچتی رہے۔ پس دشمن کی نیند ایسی بند ہوگی کبھی نہ سوئے گا۔ آخر کار دیوانہ ہوکر گھر بار چھوڑ کر بری حالت سے ہلاک ہوگا۔

عمل زبان بندی

اس عزیمت کو لکھ کر بازو پر باندھے۔ زبان بدگویان بستہ ہوگی، وہ عزیمت یہ ہے: قل ہو اللہ ماشاء اللہ حسبی اللہ تعالیٰ اللہ صدق اللہ توکلت علی الحق الذی لا یموت۔ ان اللہ وملئکۃ یصلون علی النبی یاایہا الذین آمنو صلو علیہ وسلمو تسلیما والھکم الہ واحد لا الہ الا ھوالرحمن الرحیم لا الہ الا ھوالحی القیوم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم فسیکفیکم اللہ وھو السمیع العلیم بستم بحق کھیعص بستم بحق حم عسق بستم زبان ھمہ بد گویان ودشمنان وغمازان صاحب این دعاء رابحق لا الہ الا اللہ مہر کرم دم بنام محمد رسول اللہ بحق طہ بستم بحق تبارک الذی بیدہ الملک بستم بطس بیاسین والقرآن الحکیم بقاف والقرآن المجید بستم بنون والقلم وما یسطرون بحق والتین والزیتون بحق اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ لا ء ی بستم بحق قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد بستم زبان ھمہ بد گویان صاحب این تعویذ ولا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ یاغیاث المستغیثین اغثنی صم بکم عم فھم لا یبصرون ان شر الدواب عند اللہ الصم البکم الذین لا یعقلون۔

فضائل و خواص اصحاب کہف

اصحاب کہف کے نام یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ تَبْيُوْنَسْ آذَرْفَطْيُوْنَسْ كَشَافَطْيُوْنَسْ يُوَانَسْ بُوْسْ وَاِسْمِ كَلْبِهِمْ قَطْمِيْرٌ۔

مکان اور سامان کی ہر طرح کی حفاظت ہو: اگر اصحاب کہف کے نام لکھ کر اپنے مکان یا چھپر یا سامان میں رکھے گا تو ہر طرح کی حفاظت میں رہے گا اور کبھی اُس جگہ کو آگ نہ لگے گی۔ بسیار مجرب ہے۔

آگ بجھ جائے: اگر کسی جگہ آگ لگی ہو تو نام اصحاب کہف سفید کپڑے پر لکھ کر اس کپڑے میں چند سنگریزہ باندھ کر آگ میں ڈال دیں، فوراً آگ بجھ جائے گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

نقصان اور چوروں سے حفاظت: اگر ان ناموں کو لکھ کر کسی کتاب یا غلہ میں رکھیں تو کرم وغیرہ اور چوروں سے محفوظ رہے گا۔ اگر وہاں پانی بھی آجائے تب بھی کوئی نقصان نہ ہوگا۔

بچہ آسانی سے پیدا ہو: اگر کاغذ پر لکھ کر دردِزہ والی عورت کے بائیں ران پر باندھے تو فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

نشانہ خطا نہ ہو: لکھ کر تیر یا بندوق پر باندھ دیں، نشانہ خالی نہ جائے۔

مجرب نورانی تعویذات

پیر سید علی حسین شاہ مدظلہ (لاہور)

جسم میں چیونٹیاں چلنے یا سوئیاں چبھنے والے جادو کا علاج

کوئی بھی اپنے جائز و ناجائز مقصد کی تکمیل کیلئے کسی عورت پر اس قسم کا بدعمل کرواتا ہے جس سے وہ زیادہ سے زیادہ تکلیف، مشکل، مصیبت میں مبتلا ہو اور زندگی میں ایسی بہت سی باتیں ہوتی ہیں جس کی بناء پر بھی ایسے اعمال کروائے جاتے ہیں جس سے دوسرے کو احساس دلوایا جاتا ہے۔ اکثر افراد پر اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے ان کے جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں سی چلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ جس میں گرمائش پیدا ہوتی ہے۔ اس کا زیادہ غلبہ پاؤں پر رہتا ہے۔ پاؤں جلتے ہیں اور کسی بھی دوا سے آرام نہیں آتا۔ جسم بوجھل بوجھل رہتا ہے۔ کسی کی اچھی بات بھی بری معلوم ہوتی ہے۔ چڑ چڑا پن مزاج میں ایسا پیدا ہوتا ہے کہ والدین جیسے عظیم رشتے کی بھی پہچان بھول جاتی ہے اور مریض اس جادو جیسے بدعمل کے زیر اثر ہوتے ہوئے اُن سے بھی زبان درازی اور بدتمیزی کرتا ہے۔ اس کے توڑ اور جسم میں سکون اور راحت پیدا کرنے کیلئے اس نقش کو بروز بدھ لال سیاہی سے لکھا جائے۔ لکھنے سے پہلے ایک رنگ کالا دیسی مرغ ذبح کیا جائے۔ اللہ کے فضل سے جسم میں سکون پیدا ہوگا۔ اور جس بھی نوعیت کا کالا جادو کیا ہوگا، اس کا خاتمہ یقینی ہوگا۔

اسی نقش کو اس صورت میں بھی مریض کے گلے میں پہنایا جائے، جب کہ جسم میں کوئی اور دوسری چیز ہم کلامی کرتی ہو اور گھر والوں کو پریشان کرتی ہو۔ جس کے پاس یہ نقش ہوتا ہے اس پر جادو کسی بھی صورت اپنا اثر نہیں دکھا سکتا اور کوئی بھی غیر انسانی مخلوق جسم کے اندر حلول نہیں کر سکتی۔ اسی نقش کو ایک بڑا سا بنا کر گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے۔

عورت کا رحم اپنے مقام سے ہٹنا

اگر کوئی خاتون اس عارضہ میں مبتلا ہو اور کسی وجہ سے آرام نہ ملتا ہو تو اس نقش کو وہ خاتون اپنے کپڑوں پر درج کر کے اپنی کمر پر باندھے۔ اس کا رحم اپنی جگہ پر قائم رہے گا۔

ی	ف	ا	ش
ی	ف	ا	ک
ی	ف	ا	م

علوی نورانی اعمال

سات سلام اور چہل کاف

جادو جنات کی روحانی تشخیص، جنات، شیاطین، سایہ، ہر قسم کے جادو ٹونے اور نظر بد کے بڑے اثرات کا علاج، گھر، مکان وغیرہ سے جادو جنات کو نکالنے کا خاص عمل، دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو سکتا ہو۔

مندرہ کبیر

جادو جنات کے ماہر روحانی معالج بننے کے لئے ایک ضروری عمل یہ جس سے آپ جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کا علاج بھی اور ان کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار بھی۔

نورانی مندرہ

جادو جنات کے ماہر روحانی معالج بننے کے لئے ایک ضروری عمل۔ جو کہ جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے اور ہر قسم کے منتروں کا توڑ۔

عمل باندھ جادو

ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے گڈا (پتلہ) بنایا ہو، مسان کا عمل کیا ہو، تعویذ کیے ہوں، کھلایا پلایا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، گرہوں پر پڑھ کر پھونکا ہو، باندھا ہو کا علاج کیا جا سکتا ہے۔

عصائے کلیم اللہ

سخت جادو کی کاٹ کا ایک خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرے کی طرح کام کرتا ہے، مگر تاثیر میں مندرے سے کافی کم ہے۔ مریض کو دم کرنے سے فوری فرق پڑتا ہے اور مسلسل دم کرنے سے جادو بہت جلد کٹ جاتا ہے۔

مندرہ شاہ علی

"مندرہ شاہ علی" نوری علوی عملیات کا سرتاج اور کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات وشیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔

علوی اعمال

چہل کاف (۱، ۳، ۲)

چہل کاف حضرت غوث صمدانی قطب ربانی شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ایک خاص کلام ہے۔ جو ہر جائز مقصد اور حاجت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر پریشانی دور کرنے کے لیے۔ بہت مجرب ہے۔ مشائخ عظام، بزرگان دین، علمائے کرام اور عاملین و روحانی معالجین کثرت سے اس عمل کو کرتے آئیں ہیں اور کر رہے ہیں۔

نوٹ: سات سلام اور چہل کاف کے عمل میں جو چہل کاف ہے، وہ اس والے چہل کاف سے فرق ہے۔

عمل واپسی سحر (۱، ۲)

جب سحر مسلسل کا معاملہ ہو تو مریض علاج کرواتا رہتا ہے اور دشمن وار کرتا رہتا ہے، اس طرح مریض کی حالت مکمل ٹھیک نہیں ہو پاتی۔ ایسی صورت میں دشمنوں کے اعمال ان پر واپس کر دینا ایک مجرب طریقہ ہے۔ اس پر مستقل عمل کرنے سے مریض کی سحر سے جان چھوٹ جاتی ہے اور آئندہ بہت حد تک حفاظت بھی رہتی ہے۔ شرعاً جادو کا پلٹنا جائز ہے۔

عمل بندش کلاں

جادو، جنات، دشمن، ہتھیار وغیرہ کو باندھنے کا ایک خاص عمل۔ اس عمل سے بہت جلد بندش لگ جاتی ہے۔

خبر کا خاص عمل

خبر لینے کا خاص عمل۔ اس کے پیچھے مخلوق عامل کو فوری مریض کے بارے میں خبر دیتی ہے۔ جن عاملین کی سماعت کھلی ہو، ان کو آواز بھی آتی ہے۔ جن عاملین کا باطنی رابطہ ہوتا ہے، ان کو ہی اس عمل کا اصل فائدہ ہوتا ہے۔

نورانی اعمال

نورانی اعمال سے مراد وہ اعمال ہیں جو اسماء الحسنیٰ، قرآنی آیات، درود شریف، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور دعاؤں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ نورانی اعمال کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہوتی ہے، وہ فرشتے، حروف و آیات کے خدام (مؤکلین) اور نیک جنات (صرف مسلمان جنات) سے تعلق رکھتی ہے۔ نورانی اعمال کے پیچھے کافر جنات اور شیاطین نہیں ہوتے۔

ہماری درسگاہ میں ایسے بہت سے نورانی اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ ان اعمال کی اجازت تین طرح سے دی جاتی ہے۔

1. اجازت کے بعد زکوٰۃ بھی دی جاتی ہے یعنی عمل بھی کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ ہر اس شخص کے لئے ہے، جو عملیات کے شعبے میں ابھی مبتدی کی حیثیت رکھتا ہے۔
2. خاص اجازت کے ساتھ مختصر عمل کیا جائے۔ یہ طریقہ صرف عاملین کے لئے ہے یا ان افراد کے لئے جن کی روحانی طاقت زیادہ ہو۔
3. صرف خاص اجازت دی جائے۔ یہ طریقہ صرف ان عاملین کے لئے ہے جنہوں نے پہلے اسی طرح کے بڑے عمل کیے ہوتے ہیں۔

درج ذیل اعمال کے علاوہ بھی کئی نورانی اعمال ہیں۔ وہ ہر کسی کے لیے نہیں ہیں۔ وہ اعمال ایک ننگی تلوار کی مانند ہیں، اس لیے صرف خاص افراد کو ہی سکھاتے ہیں تاکہ نقصان نہ ہو جائے۔ تقریباً تمام ایسے اعمال کے پیچھے غیبی مخلوق ہے جو فوری تعاون کرتی ہے۔ تحقیق کے بعد ایسے اعمال سکھاتے ہیں کیونکہ اکثر لوگ ایسے اعمال کا ناجائز استعمال کرتے ہیں۔

امنتُ باللہ کا خاص عمل	منزل کا عمل
سورۂ مزمل	حصارِ قرآنی کبیر
حصارِ خاص	عمل شفائے امراض
دعائے حیدری	روحانی تشخیص کرنے کا خاص عمل
عمل خزینۂ فتوحات	واپسی نظر بد کا خاص عمل
محبت کی عظیم آیت کا عمل	شدید محبت کا عمل
گیارہ یوم میں تسخیر و محبت کا عمل	دفع آسیب کا خاص عمل
سورۂ اخلاص کے عامل بنیں	
سورۃ القریش کے عامل بنیں	سورۃ الرحمٰن کے عامل بنیں
افحسبتم (سورۂ مومنون کی آخری آیات) کے عامل بنیں	
عمل سورۂ جن کے عامل بنیں	آیاتِ سحر کے عامل بنیں
آیت الکرسی کے عامل بنیں	عمل دفع موذی امراض
سورۂ فلق کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں	
سورۂ ناس کے خاص الخاص عمل کے عامل بنیں	
یا قابض کے عامل بنیں	یا قہار کے عامل بنیں
"یا حافظ یا حفیظ" کے خاص حصار کی اجازت	

اٰمنتُ بِاللہ ماہر کاپی کے تعویذات

اٰمنت باللہ ماہر کاپی کے چند پرنٹڈ تعویذات دستیاب ہیں۔

* اٰمنت باللہ 21/41/100 بار بڑا سائز جگہ کے لیے، چھوٹا سائز مریض کے لیے۔ * اٰمنت باللہ کا گلے میں ڈالنے کا تعویذ۔ * استاد جی حضرت مولانا محمد امان اللہ رحمہ اللہ کا گلے میں ڈالنے کا خاص تعویذ۔ * حاضری والے مریض کے جسم میں مسلط جن و شیطان کو حاضر کرنے والی بتی۔ * استاد جی حضرت مولانا محمد امان اللہ رحمہ اللہ کی خاص سونگھنے والی بتی جو جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔

تعداد محدود ہے
پہلے آئیے
پہلے پائیے

یہ تعویذات وہ تمام حضرات منگوا سکتے ہیں، جنہوں نے 313 والا چلہ کیا ہو۔

سات سلام چہل کاف ماہر کاپی
جدید اور اٰمنت باللہ ماہر کاپی

سات سلام چہل کاف ماہر کاپی جدید اور اٰمنت باللہ ماہر کاپی حاصل کرنے والے احباب اپنا نام ادارے میں نوٹ کروادیں۔ یہ دونوں کاپی صرف انہی شاگردوں کو دی جائے گی، جو شرائط پر پورا اتریں گے۔ ان دونوں کاپیوں کے لیے کسی بھی قسم کی سفارش قبول نہ کی جائے گی۔

عنقریب شرائط اور قیمت سے مطلع کر دیا جائے گا۔

یہ دونوں کاپیاں صرف عاملین کے لیے ہیں۔ مریضوں والی اجازت لینے والے احباب سے معذرت۔

کیا آپ خود وظائف نہیں پڑھ سکتے؟

آج کے دور میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو وقت کی کمی کے باعث یا دیگر کسی وجہ سے وظائف نہیں پڑھ سکتے۔ ایسے لوگوں کے لیے روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ کی طرف سے یہ خدمات پیش کی جا رہی ہیں۔ جس بھی مقصد کے لیے وظیفہ پڑھنا ہو، درسِ نظامی کے مدارس کے طلبہ کرام وہ وظیفہ پابندی سے پڑھیں گے۔ اس بات کا خاص خیال رکھا جائے گا کہ جو تعداد بتائی جائے، وہ پڑھی جائے اور وقت کی بھی پابندی کی جائے۔ اپنی طرف سے کوشش کی جائے گی۔ نتیجہ جو اللہ ﷻ چاہیں گے، وہ مرتب فرمادیں گے۔

اسی طرح اگر کوئی بڑا ختم کروانا ہو تو بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

سات سلام چہل کاف ماہر کاپی جدید کے تعویذات

سات سلام چہل کاف کی ماہر جدید کاپی کے چند پرنٹڈ تعویذات دستیاب ہیں۔ * چہل کاف 21/41/100 بار بڑا سائز جگہ کے لیے، چھوٹا سائز مریض کے لیے۔ * سات سلام 21/41 بار بڑا سائز جگہ کے لیے، چھوٹا سائز مریض کے لیے۔ * سلم قولا من رب رحیم 1100 بار بڑا سائز جگہ کے لیے، چھوٹا سائز مریض کے لیے۔

یہ تعویذات وہ تمام حضرات منگوا سکتے ہیں، جنہوں نے ماہر کاپی حاصل کی ہوئی ہے۔ (تعداد محدود ہے، پہلے آئیے، پہلے پائیے)

روحانی دکان کی خاص الخاص دھاتی و کاغذی الواح پر خصوصی ڈسکاؤنٹ آفر

دھاتی الواح

نمبر شمار	لوح	قیمت	رعایتی قیمت	نمبر شمار	لوح	قیمت	رعایتی قیمت
1	لوح زحل	3000	2500	2	لوح شرف مریخ	3000	2500
3	لوح شرف مشتری	3000	2500	4	لوح شرف شمس	3000	2500
5	لوح برج حمل	1500	1300	6	لوح برج ثور	1500	1300
7	لوح برج جوزا	1500	1300	8	لوح برج سرطان	1500	1300
9	لوح برج اسد	1500	1300	10	لوح برج سنبلہ	1500	1300
11	لوح برج میزان	1500	1300	12	لوح برج عقرب	1500	1300
13	لوح برج قوس	1500	1300	14	لوح برج جدی	1500	1300
15	لوح برج دلو	1500	1300	16	لوح برج حوت	1500	1300

کاغذی الواح

نمبر شمار	لوح	قیمت	رعایتی قیمت	نمبر شمار	لوح	قیمت	رعایتی قیمت
1	لوح تکمیل حاجات	1100	880	2	لوح استحکام محبت	1200	960
3	لوح خاص برائے کامیابی امتحان	1100	880	4	لوح حصول ملازمت	1250	1000
5	لوح تسخیر افسران	1250	1000	6	لوح امساک	1600	1280
7	لوح شرف زہرہ	1600	1280	8	لوح بلڈ پریشر	1100	880
9	لوح خاص کامیابی امتحان	1100	880	10	محبت زوجین	1600	1120
11	لوح ترقی دولت	1600	1120	12	لوح دولتمندی	1600	1120
13	لوح تسخیر خاص و عام	1100	880	14	لوح حصول عزت دولت	1600	1120

مفتیان وعلمائے کرام کے مجرب نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

مولانا احمد علی بن شاہ دوست پنجگوری رحمہ اللہ

نقش برائے جادو، سحر وجنات

یاحفیظ	یاحیّ	یاقیّوم
یااللہ	یارحمٰن	یارحیم
یااللہ	یارحمٰن	یارحیم
یااللہ	یارحمٰن	یارحیم
یااللہ	یارحمٰن	یارحیم

جگہ پر مشرق کی جانب لگایا جائے، جس کا رُخ جانبِ مغرب میں ہو۔

مفتی ظہور احمد محسود مدظلہ

ولادت میں آسانی کے لیے عمل

ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی عورت کو ولادت میں تنگی یا دشواری پیش آئے تو وہ ان کلمات کولکھ کر باندھ لے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

يَاخَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ وَ يَامُخْرِجَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ خَلِّصْهَا۔

ولادت میں سہولت کے لیے دوسرا عمل

اگر کسی عورت کو ولادت کے وقت تنگی یا دشواری پیش آئے تو وہ مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر باندھ لے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ۔

مولانا منشی محمد داؤد خان آفریدیؒ

خلل کا دورہ کرنا

اگر کسی کو کوئی خلل ہو، دوسرے یا تیسرے یا چوتھے دن یا ہفتہ یا مہینہ میں غلبہ کرتا ہو تو چاہیے کہ اس تعویذ کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، وہ خلل موقوف ہو جاوے گا۔ تعویذ یہ ہے:

لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ		
یامحمد	یاموسیٰ	یاعیسیٰ
یاداؤد علیہ السلام		

فتوحاتِ غیبی

جو کوئی ماہ نو او پر اس نقش معظم کے نظر کرے، فتوحات غیبی اس کو پہونچے اور با عیش گذران ہووے اور اس ماہ میں محتاج کسی کا نہ ہووے اور اکثر مردم اس کے محتاج ہوویں، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ مجرب اور آزمودہ ہے وہ نقش معظم یہ ہے:

لاالہ الااللہ آدم صفی اللہ	لاالہ الااللہ موسیٰ کلیم اللہ	لاالہ الااللہ ابراھیم خلیل اللہ
لاالہ الااللہ نوح نبی اللہ	لاالہ الااللہ عیسیٰ روح اللہ	لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ

دعاؤں کے نورانی تعویذات

محمد عارف

جادو سے نجات کا تعویذ

اس تعویذ کو لکھ کر مسحور کے گلے میں ڈالیں۔

اَعُوذُ بِاللہِ السَّمِیعِ العلیمِ مِنَ الشَّیطانِ الرَّجیمِ من همزِهِ ونفخِهِ ونفثِهِ). اَعوذُ بكلِماتِ اللهِ التامّاتِ، الَّتی لا یُجاوِزُهُنَّ بَرٌّ ولا فاجِرٌ، مِن شَرِّ ما خلقَ، وذرأ، وبرأ، ومِن شرّ ما ینزِلُ مِن السَّماءِ ومِن شرّ ما یعرُجُ فیها ومِن شرّ ما ذرأ فی الارضِ وبرأ ومِن شرّ ما یخرجُ مِنها، ومِن شرّ فِتَنِ اللّیلِ والنَّهارِ، ومِن شرّ کلّ طارقٍ یطرُقُ، الّا طارقاً یطرقُ بخَیرٍ، یا رَحمنُ). بسمِ اللهِ الَّذی لا یضرُّ معَ اسمِهِ شیءٌ فی الارضِ ولَا فی السَّماءِ، وَهوَ السَّمیعُ العلیمُ). باسْمِ اللهِ اَرْقِیكَ، مِن کُلِّ شیءٍ یُؤْذِیكَ، مِن شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ، اَوْ عَیْنِ حَاسِدٍ، اللهُ یَشْفِیكَ بِاسْمِ اللهِ اَرْقِیكَ. اللّهم انی اسالُك العافیةَ فی الدنیا والآخرةِ. اللّهم انی اسالُك العفوَّ والعافیةَ فی دینی ودنیای واهلی ومالی، اللّهم استرْ عورتی وآمنْ روعاتی، اللّهم احفظْنی مِن بین یدیَّ ومن خلفی وعن یمینی وعن شمالی ومن فوقی، واعوذُ بعظمتِك ان اُغتالَ مِن تحتی).

اللّهمَّ انّی اعوذُ بوجهِكَ الکریمِ، وَکَلماتِكَ التّامّةِ، مِن شرّ ما انتَ آخذٌ بناصیتِهِ، اللّهمَّ انتَ تَکْشِفُ المغرمَ والماثمَ، اللّهمَّ لا یُهْزَمُ جندُكَ، ولا یُخلَفُ وعدُكَ، ولا ینفعُ ذا الجدِّ منكَ الجدُّ سُبحانَكَ وبحمدِكَ. اللّهمَّ انّی عَبدُك، وابنُ عبدِك، وابنُ امتِك، ناصِیَتی بیدِكَ، ماضٍ فیَّ حکمُكَ، عدْلٌ فیَّ قضاؤكَ، اسالُكَ بکلِّ اسمٍ هوَ لكَ سمّیتَ بِهِ نفسَك، او انزلْتَه فی کتابِكَ، او علّمتَه احداً من خلقِكَ، او استاثرتَ بهِ فی علمِ الغیبِ عندَكَ، ان تجعلَ القرآنَ ربیعَ قلبی، ونورَ صدری، وجلاءَ حزَنی، وذهابَ همّی).

اللّهمَّ انّی اَعُوذُ بكَ مِنَ العَجْزِ، وَالْکَسَلِ، وَالْجُبْنِ، وَالْبُخْلِ، وَالْهَرَمِ، وَعَذَابِ القَبْرِ اللّهمَّ آتِ نَفْسِی تَقْوَاهَا، وَزَکِّهَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاهَا، اَنْتَ وَلِیُّهَا وَمَوْلَاهَا. اللّهمَّ انّی اَعُوذُ بكَ مِن عِلْمٍ لا یَنْفَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ لا یَخْشَعُ، وَمِنْ نَفْسٍ لا تَشْبَعُ، وَمِنْ دَعْوَةٍ لا یُسْتَجَابُ لَهَا.

تسخیرِ زوجین

زوجین میں جس کو ضرورت ہو، لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اس بات کا خاص خیال رکھے کہ جب شوہر، بیوی کا آمنا سامنا ہو، یہ تعویذ پاس ہو۔

اللهمّ یا مسخّر الرّیاح لسلیمان، ویا مسخّر الحوت لیونس، ویا مُسخّر النار لنبیّنا إبراهیم، ویا مُسخر جبریل لمحمّد، أسألك أن تُسخّر لی زوجی، وأن تکفنی شرّه. اللهمّ اجعل زوجی قرّة عینی، واجعلنی قرّة عینه. اللهمّ ردّ زوجی إلیّ ردّاً جمیلاً. اللهمّ إنّی أسألك باسمك الحبیب الکافی أن تکفنی کلّ أموری مع زوجی مما یشوّش خاطری، ویُسهر ناظری، اللهمّ ألّف بین قلبی وقلبه کما ألّفت بین قلوب عبادك، اللهمّ سخّره لی کما سخّرت البحر لموسی.

بیماری سے نجات

بیمار کے گلے میں ڈالیں یا پاس رکھنے کو دیں۔

اللهم یا الهی ویا مولای یا ملجای ویا من هو عالمٌ بحالی، اسالك یا ربّی ان تشفینی من مرضی وان تُعافینی منه، وان تکتب لی الصحة والعافیة، وان تُمیتنی وانت راضٍ عنّی.

اللہ کے خاص ناموں کے نورانی تعویذات

علامہ سخاوت حسین سندریالوی (امریکہ)

❶ ...... بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَا تَمْخِيْثَا وَشَمْخِيْثَا وَتَمْشِيْثَا اس کے معنی یہ ہیں لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ۔ (نہ اس کو اونگھ آتی ہے نہ نیند) اس نام کی صفت یہ ہے کہ جب جبرائیلؑ نے یہ نام حضرت آدمؑ کو بتلایا تو اس کے واسطہ سے ان کی توبہ قبول ہوئی اور دوسری مرتبہ ان کو حضرت حوّاؑ مل گئیں۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی یہ نام لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو بادشاہ، عزت والوں اور صاحبان مراتب کے نزدیک معزز ہوگا اور وہ لوگ اسے قابل احترام وعزت جانیں گے۔ اور اس کا قول قابلِ پذیرائی ہوگا۔

❷ ...... يَا مُوَاشَطِيْثَا شَطِيْثَا اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ بَسَطَ الرَّحْمَةَ عَلٰی خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ۔ اس کی رحمت از راہ لطف بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ اس کی صفت یہ ہے کہ یہی وہ نام ہے جو جبرائیلؑ کے پر پہ لکھا ہوا ہے۔ اس کی قوت سے آسمان سے زمین پر اور زمین سے آسمان پر آتے جاتے ہیں۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، اس کے تمام مشکل کام آسان ہوں گے اور وہ کسی آفت میں مبتلا نہ ہوگا۔

❸ ...... يَاطَيْهُوْجَ طَيْهَبَرَجَ اس کے معنی یہ ہیں يَا غَالِبَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ (اے ہر چیز پر غلبہ والے) اس کی صفت یہ ہے کہ یہ نام میکائیلؑ کے ہاتھ پر لکھا ہوا ہے۔ قیامت کے دن جب وہ رسول خدا ﷺ کی خدمت بابرکت میں حاضری دیں گے تو اس نام کی برکت سے ان کا چہرہ نور سے منور ہوگا۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، اللہ تعالیٰ اسے تمام لوگوں کی نظروں میں باعزت اور مقبول رکھے گا اور وہ ہمیشہ دونوں جہانوں میں شادوخوش وخرم ومعزز رہے گا۔

❹ ...... يَا عَيْثَجَجَ عَمِيْثَجَجَ۔ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ يُبْصِرُ الْعَمِيْقَ (وہ جو ہر گہرائی کو دیکھتا ہے) اس کی صفت یہ ہے کہ یہ نام حضرت اسرافیلؑ کی پیشانی پر لکھا ہوا ہے۔ اس نام والے کو حامل لوح محفوظ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، اس کے دل میں موت کا خوف کبھی نہ ہوگا اور نہ وہ کبھی درخت یا بلند مقام سے گرے گا اور اگر گرے گا تو اسے چوٹ نہ لگے گی۔

❺ ...... يَا مَلِثْيَهَطِيَا اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنَ (وہ جو کسی شے کا ارادہ کرتے کہتا ہے ہوجا۔ پس وہ ہوجاتی ہے) اس کی صفت یہ ہے کہ یہ نام صور اسرافیلؑ پر لکھا ہوا ہے۔ جب صور کا وقت مقرر آئے گا اور اسرافیلؑ صور سے ندا دیں گے تو اس کی ہیبت سے آسمان وزمین سے ہر شے کانپ اٹھے گی اور اسی نام کی برکت سے زندہ ہوجائے گی۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، وہ بڑے بڑوں کے نزدیک باعزت واکرام رہے گا اور اس کا قول مقبول ہوگا۔

❻ ...... يَا شَلِيْخُوْثَا۔ اسکے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ (وہ جس نے آسمان کو بلند کیا بغیر ستون کے) اس کی صفت یہ ہے کہ عزرائیلؑ کے ہاتھ پر لکھا ہوا ہے اور اسی کی ہیبت سے وہ تمام جانداروں کی روح قبض کرتے ہیں۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اس کے تمام دشمن اس کے اسیر وذلیل ومغلوب ومقہور رہیں گے۔

❼ ...... يَارَمُوْتَطِفَ۔ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ لَا شَیْءَ اَرْفَعَ مِنْهُ (کوئی شے اس سے زیادہ بلند مرتبہ نہیں ہے) اس کی صفت یہ ہے کہ یہ نام آفتاب کے چہرہ پر لکھا ہوا ہے اور وہ اسی نام کی برکت سے تمام عالم کو روشن کرتا ہے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، وہ لوگوں کی نظر میں صاحب ہیبت ہوگا اور لوگ اس کے مطیع وفرمانبردار ہوں گے۔ اور وہ لوگوں کا محبوب ہوگا۔

❽ ...... يَا كَدَوْ تَحْجَطَبَ۔ اس کے معنی یہ ہیں۔ اَلَّذِیْ يُنْجِیْ الْعِبَادَ عَنِ الْمَضَآئِقِ (وہ جو بندوں کو تنگیوں سے نجات دلاتا ہے) اس کی

صفت یہ ہے کہ عرش پروردگار کو اٹھانے والے فرشتے اسی نام کی قوت سے عرش کو اپنے کاندھوں پر اٹھائے ہوئے ہیں۔ اور اس کے نبی حضرت موسیٰؑ نے یہی نام دریا پر پڑھا تھا جس کے اثر سے دریا ادھر اُدھر دو حصوں میں بٹ گیا اور موسیٰؑ مع اپنے ساتھیوں کے اس سے صحیح وسلامت گزر گئے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، موت مفاجات اور وبا سے محفوظ رہے گا۔ اور اس پر جادو کبھی اثر نہ کرے گا۔ اور وہ لوگوں میں ایسا باوقار ہوگا جیسے جنگلی جانوروں میں شیر ہوتا ہے۔

⑨ ...... یَا جَجْطَنِیُّ۔ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ (وہ جو زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے)۔ اس کی صفت یہ ہے کہ سات آسمان وزمین اسی کی برکت سے قائم ہیں۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ لوگوں میں عظیم القدر اور باحرمت ہوگا۔ نہ کوئی اس کی برابری کر سکے گا نہ کوئی دشمن برتری حاصل کرے گا۔

⑩ ...... یَا طَفْعَاتَفُ۔ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ یُرَبِّی الْاَطْفَالَ الصَّغِیْرَ فِی الْجُنَّۃِ (وہ جو شکم مادر میں ننھے بچوں کی پرورش کرتا ہے)۔ اس کی صفت یہ ہے کہ جنت کے دروازے اسی سے کھلتے ہیں۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، اس کی روزی میں فراخی پیدا ہوگی اور اس کے لئے نعمت کے دروازے کھل جائیں گے۔

⑪ ...... یَا شَطِحَ النُّوْرُ۔ اس کے معنی یہ ہیں۔ اَلَّذِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ مَا فِی الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ دوزخ کے سات دروازے اسی سے بند ہیں۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، دشمنوں سے محفوظ رہے گا اور اسے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔

⑫ ...... یَا مَہْقِھَا یَشْحَ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ عَبَرَ مُوْسٰی فِی الْبَحْرِ فَنَجَاہُ (وہ جس نے موسیٰؑ کو دریا میں تیرا دیا اور اس طرح ان کو نجات دی)۔ اس کی صفت یہ ہے کہ اللہ کی کرسی کے فرشتے اسی کے ذریعہ سات آسمانوں اور زمینوں کو روکے ہوئے ہیں۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو زمانہ اس کا مددگار رہوگا، قسمت و دولت اس کے مقدر میں ہوگی اور تمام لوگ اس کے مطیع فرمان ہوں گے۔

⑬ ...... یَا طِفِعُوْ عَشَجَ طِفِنُوْ عَشَجَ طَفُوْ عَفْجِجَ۔ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ یَعْفُوْ عَنِ الْعَاصِیْنَ وَیَغْفِرُ الْخَاطِئِیْنَ (وہ جو گناہ گاروں کو معاف کر دیتا ہے اور خطا کاروں کو بخش دیتا ہے)۔ اس کی صفت یہ ہے کہ حضرت نوحؑ نے اسے طوفان کے موقع پر پڑھا تو خدا نے ان کو طوفان سے بچا لیا۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے سفر میں لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، وہ اپنی ہر مراد کو پائے گا۔ اور اگر خود کشتی میں سوار ہوگا تو دریا کے پانی سے ہونے والی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ اگر اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو وہ سات دریاؤں سے بھی گزرے گا تو عجب نہیں کہ اس کے پیر تک تر نہ ہوں گے۔

⑭ ...... یَا مُوْھُمْتَکِیْفًا اس کے معنی یہ ہیں۔ اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ (وہ جس جیسی کوئی شے نہیں اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے)۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ حضرت یعقوبؑ نے اسے پڑھا تو ان کی آنکھیں روشن یعنی دیکھنے کے قابل ہو گئیں اور حضرت یوسفؑ بھی ان سے آملے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اسے کل دنیاوی ودینی مطالب ومقاصد حاصل ہوں گے۔ اس کی حاجات پوری ہوں گی اور امیدیں بر آئیں گی۔

⑮ ...... یَاھَیًّا شَرَاھَیًّا اَذُوْنَایَ اَصْبَادَتَ اس کے معنی یہ ہیں یَا اللّٰہُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ اس نام کی صفت یہ ہے کہ حضرت یوسفؑ نے یہی پڑھا اور کنویں اور قید خانہ سے نجات پائی اور وہ خود مملکت مصر کے بادشاہ ہو گئے اور ان کے بھائی ان کے محتاج ہو گئے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، اگر قرض دار ہوگا تو قرض ادا ہوگا۔ اگر غم زدہ ہوگا تو اس کا غم ختم ہوگا۔ اگر قید ہوگا تو جلد رہا ہوگا اور اس کی جو خواہش ہوگی وہ پوری ہوگی۔

⑯ ...... یَا طَیْھِیْرَ حَ۔ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ یَکْشِفُ الضُّرَّ لِعِبَادِہٖ (وہ جو اپنے بندوں کی پریشانی کو دور کرتا ہے)۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ حضرت ایوبؑ نے اسے پڑھ کر بیماری سے نجات پائی اور

انہیں مرض سے صحت حاصل ہوئی۔اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، وہ ہر بیماری سے شفاء پائے گا خصوصاً جنون وجذام وبرص سے نجات پائے گا اور اگر کوئی اسے لکھ کر اپنے پاس رکھ کر کسی بیمار کے سرہانے جائے گا تو غیب سے جلد ہی اس مریض کو شفاء حاصل ہوگی۔

۱۷ ...... یَا مَھْلِیْشَائِغُ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ خَلَقَ الظِّلَّ وَالْحَرُوْرَ وَاللَّیْلَ وَالنَّھَارَ (وہ جس نے سایہ، دھوپ، رات اور دن پیدا کئے)۔اس نام کی صفت یہ ہے کہ اس کی برکت سے اللہ رات کے بعد دن اور دن کے بعد رات انسانوں کے آرام کے لئے پلٹا تا ہے۔اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ہر غم سے نجات پائے گا اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور زلزلہ کے نقصان سے محفوظ رہے گا اور جس گھر میں یہ نام موجود ہوگا، وہ گھر زلزلہ سے متاثر نہ ہوگا اور نہ ہی آگ سے اس گھر کا کوئی نقصان ہوگا اور اگر کوئی اسے کسی کپڑے پر لکھ کر کسی گھر میں یا سامان میں رکھے گا تو اسے چور نہ چرا سکے گا اور نہ وہ مال ان شاء اللہ ضائع ہوگا۔

۱۸ ...... یَا اَلْ شَذٰی اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ لَا شَیْئٌ مِثْلَہٗ (وہ جس کی مانند کوئی شے نہیں) بعض تفسیر میں اس کے معنی یَاغِیَاثَ مَنْ لَاغِیَاثَ لَہٗ بھی وارد ہوئے ہیں (اے ہر اس شخص کی فریاد سننے والے جس کا کوئی فریاد سننے والا نہ ہو)۔اس نام کی صفت یہ ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے اسی نام کو پڑھا تو جس سے آتش نمرود ان پر سرد ہوگئی اور وہ سلامت رہے۔ یہاں تک کہ آگ کا پورا آوا چمن زار وگلزار بن گیا اور اس میں گلاب ونرگس کے پھول کھل آئے۔ یہ سب اسی نام کی برکت تھی۔اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، دشمنوں کے جال اور حاسدوں کے شر سے محفوظ ہوگا۔اس کی دوسری خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، خواہ پوری دنیا اس کی دشمن ہو جائے، اسے ہرگز کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔

۱۹ ...... یَا طَوْطِیَا اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ رَدَّ عَلٰی سُلَیْمَانَ مُلْکِہٖ وَ خَاتَمَہٗ (اے وہ جس نے سلیمانؑ کا ملک اور انگوٹھی ان کو واپس دلادی) اس نام کی صفت یہ ہے کہ یہ وہ نام ہے جسے حضرت سلیمانؑ نے پڑھا تو پروردگار نے ان کی انگوٹھی اور مملکت واپس عطا کردی اور ان کو جن وانس ووحوش وطیور پر حکمران بنادیا۔اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ اسے ہرن کی باریک کھال جھلی پر مشک وزعفران سے لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھ لیں اور انگوٹھی کو باحالت طہارت ہاتھ میں پہن لیں، جس کسی کی نظر اس پر پڑے گی، وہ مطیع وفرمانبردار ہوگا اور یہ نام لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا اپنی ہر مراد کو پائے گا اور وہ کسی محفل میں ذلیل یا شرمندہ نہ ہوگا۔

۲۰ ...... یَا اَئِیْمَعَیْشَا۔اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ سَیَّرَ الشَّمْسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَی الْمَغْرِبِ (اے وہ کہ جس کے حکم سے آفتاب مشرق سے مغرب کی جانب رواں رہتا ہے) اس کی خاصیت یہ ہے کہ رسول خدا ﷺ نے یہ نام ایک مٹھی خاک پر پڑھا اور شَاھَتِ الْوُجُوْہُ لِلْکَافِرِیْنَ وَالْمُشْرِکِیْنَ کہہ کر دشمنوں کی طرف پھینک دی۔اور وہ سب کے سب اندھے ہوگئے اور شکست کھا کر میدان سے بھاگ کھڑے ہوئے۔اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ اگر اسے سمور کی کھال پر لکھ کر دشمن کے مکان کی چوکھٹ یا دیوار کے نیچے دبا دیا جائے تو چند دنوں میں دشمن اس مکان سے نکل جائے گا اور وہ مکان ویران ہو جائے گا اور جب تک وہ کھال وہاں دبی رہے گی، اس وقت تک وہ دشمن اس مکان میں واپس نہ آسکے گا۔لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل صرف ایسے شخص کے لئے کیا جائے جو واقعی اس کا مستحق ہو ورنہ یہ عمل خود عامل پر الٹا ہوگا اور اس کے لئے وہ مصیبت بن جائے گا۔

۲۱ ...... یَا شَسْطِیْعُ۔اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ اَنْزَلَ التَّوْرَاۃَ عَلٰی مُوْسٰی (اے وہ جس نے موسیٰؑ پر توریت نازل کی) اس نام کی صفت یہ ہے کہ یہی وہ نام ہے جس کی برکت سے یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ سے نجات پائی اور جب تک مچھلی کے پیٹ میں رہے اور ان کو کوئی تکلیف نہ ہوئی۔اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو حاسدوں کے شر، مقابلہ کرنے والوں کی ایذا، دشمنوں کے پھندوں اور حربوں سے محفوظ رہے گا اور اللہ اسے تمام بلاؤں اور مصیبتوں سے بچائے رکھے گا۔

جسمانی امراض کے علاج کے لیے نورانی تعویذات

علامہ ارشد حسن ثاقب رحمہ اللہ

آدھے سر کا درد (شقیقہ)

جس جانب درد ہو، اس طرف سر پر طلوع آفتاب سے پہلے باندھیں اور غروب کے بعد اتار دیں۔ چند روز عمل کریں۔

۷۸۶

یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ
یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ
یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ
یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ	یاحبیبُ

بائیں ہاتھ کے امراض

بائیں بازو یا ہاتھ میں کوئی تکلیف ہو تو یہ تعویذ گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

ل	ك	ی	ط
ط	ی	ك	ل
ك	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ك

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ

دائیں ہاتھ کے امراض

دائیں بازو یا ہاتھ میں کسی بھی قسم کی بیماری ہو تو یہ تعویذ دائیں بازو یا گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

ح	ز	و	ہ
ہ	و	ز	ح
ز	ح	ہ	و
و	ہ	ح	ز

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ

بائیں ٹانگ کے امراض

بائیں ٹانگ میں کسی قسم کی بیماری ہو تو یہ تعویذ گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

غ	ظ	ض	ذ
ذ	ض	ظ	غ
ظ	غ	ذ	ض
ض	ذ	غ	ظ

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

دائیں ٹانگ کے امراض

دائیں ٹانگ میں کسی قسم کی تکلیف ہو تو یہ تعویذ گلے یا دائیں بازو میں باندھیں۔

۷۸۶

خ	ث	ت	ش
ش	ت	ث	خ
ث	خ	ش	ت
ت	ش	خ	ث

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ہر طرح کے جائز کام کیلئے
ایک ہی تعویذ

مولانا سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ (ناظم روحانی درس گاہ)

نورانی تعویذات نمبر کی وساطت سے دنیا بھر کے تمام عاملین، روحانی معالجین، روحانی پیشواؤں کی خدمت میں آج ایک ایسا نورانی تعویذ پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں، جو ایک خاص اسپیشل نورانی تحفہ ہے۔ سینکڑوں یا ہزاروں نہیں بلکہ آپ اگر یہ کہیں کہ لاکھوں کروڑوں بھی نہیں، اربوں کھربوں بھی نہیں، خدانخواستہ اس سے بھی اگر کسی کے مسائل، معاملات، پریشانیاں، مصیبتیں، تکلیفیں، آزمائشیں، تنگیاں، سختیاں زیادہ ہوں۔ حاجات، ضروریات، آرزوئیں یا تمنائیں جتنی بھی زیادہ سے زیادہ ہوں تو ایک تعویذ بفضلہٖ کافی وافی اور شافی ثابت ہوگا۔ یہ بات میں اپنے پاس سے نہیں کررہا ہوں، نا ہی کوئی مبالغہ آرائی ہے، نا ہی کوئی کذب بیانی یا محض تحریری بات ہے۔ آزمائش شرط ہے، ان شاء اللہ جس بھی مقصد کیلئے دینے والا تعویذ دے گا اور لینے والا تعویذ لے گا۔ دونوں فریقین کو ہرگز مایوسی اور نا امیدی نہیں ہوگی۔

(۱) سخت امراض کا معاملہ ہو یہ تعویذ دیں فائدہ ہوگا، مرض دور ہوگا۔ (۲) اثرات بد کا معاملہ ہو یہ تعویذ دیں اثرات دور ہوں گے۔ (۳) دشمنوں کی دشمنی کا مسئلہ ہو یہ تعویذ دیں، دشمنوں سے حفاظت رہے گی۔ (۴) عورتوں کے تمام امراض خاص کے لیے یہ تعویذ فائدہ مند ہے۔ (۵) رزق میں برکت، کثرت اضافے، فراوانی کے لیے اکسیر ہے۔ (۶) گم شدہ اشیاء کی بازیابی کیلئے موثر ہے۔ (۷) مخلوق خدا میں عزت پانے کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ (۸) گھر میں امن وسکون کے لیے فائدہ مند ہے۔ (۹) ہر قسم کی روحانی بیماریوں کے خاتمے کے لیے فائدہ مند ہے۔ (۱۰) ہر قسم کے مشکلات کے خاتمے کیلئے بہترین ہے۔ (۱۱) دنیا کی محبت دل سے نکالنے کے لیے فائدہ مند ہے۔ (۱۲) جیل سے رہائی کیلئے۔ (۱۳) برے خیالات سے حفاظت۔ (۱۴) نرینہ اولاد۔ (۱۵) بے اولادی۔ (۱۶) مخالفوں پر رعب۔ (۱۷) ہر قسم کی سختیوں سے نجات۔ (۱۸) موذی جانوروں سے بچاؤ۔ (۱۹) اولاد کی اچھی تربیت۔ (۲۰) اولاد کی اصلاح۔ (۲۱) کسی کو راہ راست پر لانے۔ (۲۲) دل میں نورانیت۔ (۲۳) گناہوں سے نفرت۔ (۲۴) تقویٰ پرہیز گاری۔ (۲۵) حمل کی حفاظت۔ (۲۶) وضع حمل میں آسانی۔ (۲۷) اٹھرا۔ (۲۸) ہر طرح کی کامیابی۔ (۲۹) حج وعمرہ کے لیے اسباب۔ (۳۰) باہمی جائز الفت و پیار محبت۔ (۳۱) اچھے مناسب رشتوں کے حصول۔ (۳۲) ہر طرح کے امتحانات میں کامیابی۔ (۳۳) سخت حالات سے چھٹکارا۔ (۳۴) مقدمات میں کامیابی۔ (۳۵) غفلت لاپرواہی سے نجات۔ (۳۶) چوروں ڈاکوؤں سے حفاظت۔ (۳۷) ہر طرح کی بے سکونی کا خاتمہ۔ (۳۸) پیغام نکاح کے لیے موثر۔ (۳۹) ہر طرح کی نعمتوں کے حصول۔ (۴۰) ہر طرح کی دینی دنیاوی مقاصد میں کامیابی۔ (۴۱) تمام حاجات کی تکمیل۔ (۴۲) ضرورتوں کی تکمیل۔ (۴۳) مخلوق سے بے نیازی۔ (۴۴) مزاج میں نرمی۔ (۴۵) ترقی کے نئے راستوں میں نئی راہوں۔ (۴۶) ناگہانی آفات سے حفاظت۔ (۴۷) چالبازوں کی چالبازیوں سے حفاظت۔ (۴۸) ہر کام میں فتح۔ (۴۹) لڑائی جھگڑوں کے خاتمے۔ (۵۰) عہدے نوکری کا حصول۔ (۵۱) ہر طرح کے ڈر خوف کے خاتمے۔ (۵۱) عزت شہرت ناموری کے لیے۔ (۵۲) مفلسی غربت کے خاتمے۔ (۵۳) قرضوں کی ادائیگی۔ (۵۴) ثابت قدمی اور استقامت کیلئے۔ (۵۶) فراڈیوں مکاروں سے حفاظت۔ (۵۷) دشمنوں کی زبان بندی۔ (۵۸) ازدواجی زندگی پرسکون بنانے کیلئے۔ (۵۹) سخت مزاج خاوند کو نرم بنانے کیلئے۔ (۶۰) ضدی بیوی کو ٹھیک کرنے کے لیے۔ (۶۱) علم میں ترقی اضافے کیلئے۔ (۶۲) ہر طرح کے دشمنوں کی تباہی کے لیے۔ (۶۳) روحانیت میں ترقی، روحانیت میں اضافے کے لیے۔ (۶۴) غیبی مخلوقات کے تعاون۔ (۶۵) ہر طرح کے ایکسیڈنٹ، حادثے سے حفاظت کے لیے۔ (۶۶) رجعت سے حفاظت کے لیے۔

(۶۷) تسخیر خلائق کے لیے۔ (۶۸) ہر طرح کی ترقی کے لیے۔ (۶۹) ہر جائز مقصد کے لیے۔ (۷۰) مالی مشکلات کے خاتمے کیلئے۔ (۷۱) ہر کام میں آسانی کے لیے۔ (۷۲) ہر کام میں برکت کے لیے۔ (۷۳) ہر بیماری کے خاتمے کے لیے۔ (۷۴) ناجائز تعلقات کے خاتمے کے لیے۔ (۷۵) ہر طرح کے نقصانات سے بچنے کے لیے۔ (۷۶) ہر طرح کے خوف گھبراہٹ سے نجات کے لیے۔ (۷۷) ہر مقصد کے لیے۔ (۷۸) ہر حاجت کے لیے ۔ (۷۹) ہر ضرورت کے لیے۔ (۸۰) ہر پریشانی سے نجات کے لیے۔ (۸۱) ہر مصیبت سے چھٹکارے کے لیے۔ (۸۲) ہر تکلیف سے نجات کے لیے۔ (۸۳) ہر تنگی کے خاتمے کیلئے۔ (۸۴) ہر سختی سے نجات کے لیے۔ (۸۵) ہر بُرے وقت کے خاتمے کے لیے۔ (۸۶) ہر خوشی کے لیے۔ (۸۷) ہر کامیابی کے لئے۔ (۸۸) ہر ناکامی سے بچنے کے لیے۔ (۸۹) تمام جائز مقاصد کے لیے۔ (۹۰) تمام جائز کاموں کے لئے۔ (۹۱) تمام جائز حاجات کی تکمیل کے لیے۔ (۹۲) تمام جائز ضروریات کے پورا ہونے کے لیے۔ الغرض مشرق سے لے کر مغرب تک اور شمال سے جنوب تک، آسمان سے زمین تک اور زمین سے آسمان تک کے تمام مسائل، تمام معاملات کے لیے یہ ایک ہی تعویذ بفضلہٖ کافی ہے۔ آخر میں بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بعض لوگ جب یہ مضمون پڑھیں گے تو وہ صرف اس کو مضمون ہی سمجھیں گے ایسی کوئی بات نہیں۔ آئیے آپ بھی آزمایئے۔ دراصل یہ تعویذ اللہ پاک کے 99 صفاتی ناموں اور پورے قرآن مجید کا مشترکہ عددی نقش مبارک ہے۔ مجھے بتلایئے تو سہی کہ قرآن کریم کے بعد کیا رہ جاتا ہے۔ ہر مسئلے کا حل قرآن کریم میں ہے۔ ہر پریشانی سے نجات قرآن کریم میں ہے۔ ہر حاجت کے لیے قرآن کریم ہے۔ دنیا بھر کے تمام روحانی عاملین، پیر صاحبان اپنے پاس آنے والوں کو یا تو اللہ پاک کے پیارے پیارے صفاتی ناموں میں سے ہر مقصد کے لیے کوئی نورانی تعویذ بنا کر دیتے ہیں یا پھر قرآن کریم کے کسی لفظ مبارک، کسی آیت مبارکہ، کسی سورۂ مبارکہ کا عددی یا ملفوظی تعویذ بنا کر دے دیتے ہیں۔ تو لوگوں کے مسائل اللہ پاک حل فرما دیتے ہیں۔ ہم آپ کو پورے قرآن مجید اور تمام صفاتی اسماء گرامی کا وہ نقش مبارک دے رہے ہیں کہ جن میں سب مسائل کا حل ہے۔

روحانی عاملین حضرات اس مبارک نقش کو ہر ماہ شرف قمر کے خاص وقت میں زعفرانی سیاہی سے تیار کریں ایک وقت میں کافی نقوش تیار کیے جاسکتے ہیں۔ یہ تعویذ اور نقش مبارک آپ ہر سائل کو ہر مقصد کے لیے سے سکتے ہیں۔ اس نقش اور تعویذ کے نیچے، دائیں اور بائیں آپ اپنا وہ کام، وہ عمل لکھیں گے جبکہ آپ اس سے زیادہ کئی اعمال بھی لکھے جاسکتے ہیں۔ ان نقوش و تعویذات کو لکھنے کے بعد 3 دم آپ 1 بار سورۂ فاتحہ 3 بار سورۂ اخلاص پڑھ کر کریں گے۔ 3 دم اسمائے حسنیٰ مکمل پڑھ کر کریں گے۔ اور 3 دم جس عمل کو لکھیں گے اس کے کریں گے۔ نیچے نام مع والدہ اور مقصد لکھیں گے۔

یا آخر ۷۸۶ یا اول

۴۹۹۴۶۳۰	۴۹۹۴۶۳۳	۴۹۹۴۶۳۶	۴۹۹۴۶۲۲
۴۹۹۴۶۳۵	۴۹۹۴۶۲۳	۴۹۹۴۶۲۹	۴۹۹۴۶۳۴
۴۹۹۴۶۲۴	۴۹۹۴۶۳۸	۴۹۹۴۶۳۱	۴۹۹۴۶۲۸
۴۹۹۴۶۳۲	۴۹۹۴۶۲۷	۴۹۹۴۶۲۵	۴۹۹۴۶۳۷

یا باطن (عمل) یا ظاہر

سائل کا نام مع والدہ (مقصد کی تفصیل لکھیں)

بقیہ (ص 62) دو خاص نورانی الواح

بقیہ (ص 62)

گلے میں ڈالیں۔ جو لوگ روپیہ سے پریشان ہیں، ان کے لئے اور جن لوگوں کے ہاتھ روپیہ ٹکتا نہیں ہے، ان کے لئے بھی یہ نقش بہت کارگر ہے۔ ان لوگوں کے لئے بھی یہ نقش کام کرتا ہے جو روپیہ سے بہت تنگ ہیں، روپیہ ہاتھ میں رکتا نہ ہو، اس لوح کی برکت سے اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرماتے ہیں۔ یہ نظر بد کے لئے بھی کام کرتی ہے۔ یہ وقت سال میں ایک مرتبہ آتا ہے۔ کسی بھی تقویم سے اس کا وقت معلوم کر سکتے ہیں۔ باوضو ہو کر نقش کو تحریر کریں اور ایک علیحدہ کمرے میں بیٹھ کر لکھیں۔

نقش کو مکمل کو ائف سے لکھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب فرمائیں۔

آمین۔

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1996ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱)......عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

(۱) آیت الکرسی (درجہ اوّل) (۲) بنیادی حصار (۳) معوذتین (درجہ اوّل) (۴) نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) (۵) سورۂ فاتحہ (۶) عملِ حفاظت "یاحافظ یاحفیظ" (۷) "فراخیٔ رزق" کا مجرب عمل (۸) درودِ ابراھیمی (۹) درودِ تنجینا (۱۰) بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل (۱۱) سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل (۱۲) لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل (۱۳) حصار اسماء الحسنیٰ (۱۴) 99 اسماء الحسنیٰ (۱۵) اسم ذات اللہ کا خاص عمل (۱۶) یاحی یاقیوم کا خاص عمل

(۲)......ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ کم از کم چھ (6) پہلے کی ہو، ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

(۱) آیتِ شفاء (۲) "حصار" کا خاص عمل (۳) دعائے حزب البحر (۴) دعائے حزب النصر (۵) لاحول ولاقوۃ الاباللہ کا عمل (۶) "منزل" (درجہ اوّل) (۷) سورۃ الناس کا عمل (۸) "تسخیر" کا خاص عمل (۹) درودِ خضری کا عمل (۱۰) سورۃ یٰسین کا عمل (۱۱) "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل برائے فراخیٔ رزق (۱۲) ہاتھ سے تشخیص والا عمل (۱۳) آیت کریمہ (درجہ اوّل) (۱۴) حسبنا اللہ ونعم الوکیل (۱۵) کینسر سے نجات کا خاص عمل (۱۶) تسخیر و محبت کا خاص عمل (۱۷) سورۂ اخلاص (۱۸) سورۂ قریش (۱۹) المسبعات (سورۂ مومنون کی آخری آیات) (۲۰) سورت فاتحہ اور آیت شفاء

(۳)......علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

(۱) "منزل" (درجہ اوّل و دوم) (۲) دعائے حزب البحر (۳) دعائے حزب النصر (۴) آیت الکرسی (درجہ دوم) (۵) معوذتین (درجہ دوم) (۶) قصیدہ طوبیٰ (۷) قصیدہ حسنیٰ (۸) اسمِ ذات کا عمل (۹) عملِ تہدیدی نامہ مبارک (۱۰) "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل (۱۱) نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴)......خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

(۱) آیت الکرسی (۲) بنیادی حصار (۳) معوذتین (۴) نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (۵) سورۂ فاتحہ (۶) عملِ حفاظت "یاحافظ یاحفیظ" (۷) عملِ محبت "یالطیف یاودود" (۸) عملِ زبان بندی

(۵)......روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

(۱) ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل (۲) آیت کریمہ کا خاص عمل (۳) سورۂ مزمل کا خاص عمل (۴) محبت کی عظیم آیت کا عمل (۵) دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97 | ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah | ruhanidarsgah@gmail.com

عاملین کے مجرب نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

حکیم صوفی فاروق جان مجددی قادری

بند نکاح کھل جائے

دوپٹے کے چاروں کونوں پر لکھ کر آگے پیچھے کندھے پر لٹکائے، بفضل خدا شادی ہوجائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم صلح صلح صلح صلح صلح صلح۔ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ۔ کَمَا اَصْلَحَ بین جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل و کراماً کاتبین۔ فلان بن یا بنت فلاں کا نکاح کھل جائے برکت ھذا النقش۔ مجرب آزمودہ ہے۔

بروز بدھوار صبح آٹھ بجے لکھے۔

محمد جاوید قادری

سحر استخاصہ کا علاج

ذیل کا نقش باوضو حالت میں چاندی یا تانبہ پر کندہ کرواکر موم جامہ کر کے مریضہ کو اس طریق سے پہنائیں کہ یہ نقش رحم کے اوپر رہے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے سحر استخاصہ کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا اور عورت ہمیشہ کے لئے تندرست وصحت یاب ہو جائے گی اور آئندہ اس سحر کا شکار نہ ہوگی۔

اس کے علاوہ ایک مرغ سفید نر یا مادہ بطور صدقہ دے دیں۔

نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض

یا قابض تقبضت بالقبض والقبض فی قبض قبک یا قابض این سحری خون استخاصه زائد قبض و بند کردن و باطله سحر استخاصه فلانته بنت فلانته۔

حاجی محمد جان نیازی

چوری کا مال واپس ملنے کے لیے

مندرجہ ذیل درود شریف، زعفران سے لکھ کر کسی اونچی جگہ لمبے درخت کی کسی ٹہنی میں لٹکا دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّ اَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ۔

ہومیو ڈاکٹر مزمل حسین

عداوت کا ایک آسان ترین اور مضبوط ترین عمل

دو بندوں میں اگر ناجائز تعلق ہو اس کو توڑنا شرعاً ضروری ہو یا کچھ لوگ مل کر کسی کا دینی یا دنیاوی نقصان کرنا چاہتے ہوں، ان میں عداوت ڈال کر ان کو توڑنا یعنی جہاں شرعاً عداوت کی گنجائش ہو تو وہاں یہ عمل کریں۔ ناجائز کرنے میں گناہ ہے۔ عمل انتہائی جلالی اور طاقتور ترین ہے۔ عمل درج ذیل ہے:

البغض والعداوۃ والنفاق دآئما ابدا بحق ۔ انا اعطینك الکوثر ۔ البغض والعداوۃ والنفاق دآئما ابدا بحق ۔ فصل لربك وانحر ۔ البغض والعداوت والنفاق دائما ابدا بحق ۔ ان شانئك هو الابتر ۔ البغض والعداوۃ والنفاق دائما ابدا بحق ۔ یاقهار یاقهار یاقهار۔

اسی طرح کے تین (3) تعویذ بنائیں۔ ایک کو کالے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ دوسرے تعویذ کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر کانٹے دار درخت پر لٹکا دیں۔ تیسرے تعویذ کو آگ کے قریب دفن کر دیں۔ سوفیصد رزلٹ کا حامل قوی ترین اور سریع الاثر عمل ہے۔ جدائی ہوگی۔

حاجی محمد رمضان

حمل گرنے سے محفوظ رہے

۲	۹۸	۳۲	۵۹۹
۳۱	خ	۱	۹۹
۵۹۷	ل	ق	۴
۱۰۱	۳	۵۹۸	۲۹

حمل گرنے والی عورت کے گلے میں ڈالیں تو حمل گرنے سے محفوظ رہے۔

شیخ محمد یوسف ھارون کلیان

بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کے لیے

گریختہ کے لیے یہ مثلث آتشی چال سے مجرب ہے۔ چار (4) عدد لکھے جائیں۔ ایک پیڑ پر لٹکائیں، ایک قبرستان میں دفن کریں، ایک گھر میں تقریباً پانچ کلو وزن کے برابر پتھر کے نیچے دبائیں اور ایک جس کے گھر سے غائب ہوا ہے، اس کے گلے میں باندھیں۔ ان شاء اللہ، جلد از جلد آوے۔ آخر ۹ دن میں حاضر ہو جائے گا۔

۷۸۶

یاجبّار	یاجبّار	یاجبّار
یاجبّار	یاجبّار	یاجبّار
یاجبّار	یاجبّار	یاجبّار

فلاں ابن فلاں جلد از جلد آوے

حکیم عبدالرحیم رند رحمہ اللہ

عمل دشمنی

قواعد مذکورہ کے پیش نظر اس تعویذ کو چاند کی ۲۷، ۲۸، ۲۹ تاریخ کو لکھیں۔ دن سنیچر و منگل ہو۔ ساعت زحل کی اور مریخ کی ہونی چاہیے۔ کالی سیاہی سے چمڑے پرانے پر لکھیں اور کہنہ قبر میں دفن کر دیں۔ بحکم خدا فوراً

نوٹ: جس بھی عامل کا عمل استعمال کریں، اس کو کم از کم تین (3) بار سورۂ اخلاص پڑھ کر ایصال ثواب کر دیا کریں۔ اس طرح عمل کی روحانی طاقت میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور عامل کی غیبی مخلوق قدر بھی کرتی ہے۔ خ

مجرب نورانی تعویذات

فیصل حمید نقشبندی (لاہور)

رجوعِ خلق وتسخیر مطلوب

یہ عمل رجوعِ خلق اور تسخیر خلق کے لیے بہت مجرب ہے۔ حاملِ نقش کی طرف خلقت جوق در جوق رجوع کرتی ہے۔ علماء، اطباء، ڈاکٹر حضرات، وکلا اور ایسے تمام افراد...... جن کا واسطہ اور کام خلقت وعوام سے ہو، اُن کے لیے بہت موثر ہے۔ نیز تسخیر مطلوب ومحبت کے لیے بھی مجرب ہے۔

نقشِ حفاظت

بحق حضرت ابا بکر صدیق رضی اللہ عنہ ۷۸۶

ہر قسم کی نظر بد سے حفاظت، آفات وبلیات سے بچاؤ کے لیے بہت ہی مجرب المجرب نقش ہے۔ نقش کی چال آبی ہے۔ مرد اپنے داہنے بازو سے باندھے جب کہ عورتیں اور بچے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۸۳۴۷	۸۳۵۳	۸۳۵۱
۸۳۵۵	۸۳۵۰	۸۳۴۶
۸۳۴۹	۸۳۴۸	۸۳۵۴

اللّٰھم احفظنی نحوسات وبلیّات و عیون بد بحق ھذہِ النقش الشریفہ

یاحفیظُ یاحفیظُ یاحفیظُ

عقدۃ النکاح (نکاح باندھنا)

اگر کسی کا نکاح، منگنی یا نسبت شرعاً جائز باندھنی ہو تو یہ بہت مجرب عمل ہے۔ اس عمل کی وجہ سے مطلوبہ شخص کے نکاح یا منگنی وغیرہ کی بندش لگائی جاتی ہے۔ نقش کو لکھ کر بوتل میں بند کر کے پاک زمین میں دبا دیں۔

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

ولا تفرمو	عقدۃ	النکاح
عقدۃ	النکاح	ولا تفرمو
النکاح	ولا تفرمو	عقدۃ

اسرافیلؑ عقدۃ النکاح فلاں بن/بنت عزرائیلؑ

فلاں الساعۃ الساعۃ الساعۃ

العجل العجل العجل الواحا الوحا الوحا

الیوم الیوم الیوم کند خدا تعالیٰ کند

بند عاجز چہ کند۔

روحانی درسگاہ میں کروائے جانے والے کورسز

دار العمل چشتیہ کے شعبہ روحانی درسگاہ میں روحانی علوم کی تربیت حاصل کر کے مخلوق خدا کی خدمت کریں۔

واپسی سحر کورس

جب جادو کرنے یا کروانے والا مسلسل جادو کے ذریعے مریض کو تکلیف دیتا ہے تو جادو کو واپس کرنا مجبوری بن جاتا ہے۔

نوٹ: سحر کی واپسی جائز ہونے کا فتویٰ موجود ہے۔

علم التشخیص (ابتدائی کورس)

اس کورس میں مریض کی روحانی تشخیص کے بہت سے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ مثلاً کپڑے، نقش اور دھاگہ کے ذریعے، چینی، پانی، علم الاعداد، بازو ناپ کر وغیرہ۔

علم الدفاع (ابتدائی کورس)

اس کورس میں عامل کا بنیادی دفاع مضبوط کیا جاتا ہے جس کی ضرورت جادو اور جنات کے علاج میں پڑتی ہے۔ حصار کے عملیات بھی سکھائے جاتے ہیں۔

دیگر روحانی علوم مثلاً عامل جنات (ابتدائی)، عامل جنات (ماہر)، علم التشخیص (ماہر)، علم الحب (ابتدائی)، علم الحب (ماہر)، علم البغض وجدائی (ابتدائی)، علم البغض وجدائی (ماہر)، طبیب روحانی (ابتدائی)، طبیب روحانی (ماہر)، علم الدفاع (ماہر)، علم الحاضرات (ماہر)، علم النقوش (ابتدائی وماہر)، اسم اعظم کورس، علم الاعداد (ابتدائی وماہر)، عملیات کا بنیادی کورس، روحانی تسخیرات، بندش کورس بھی کروائے جا رہے ہیں۔

اعمال اولیائے کرام

دعائے حزب البحر

ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک خاص عمل جو تمام جائز مقاصد کے لئے مجرب ہے۔

دعائے حزب النصر

شیخ ابوالحسن شاذلی کا عمل جو دشمن کے خلاف مضبوط ہتھیار ہے۔

دعائے حزب البر

ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک خاص عمل جو ہر جائز مقصد کے لئے مجرب ہے۔

قصیدہ طوبیٰ

اسماء الحسنیٰ پر مشتمل عمل جو شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہے اور بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

قصیدہ حسنیٰ

اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل عمل جو شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہے اور بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

برکات مکیہ

مختلف درود شریف پر مشتمل شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب جس کے باقاعدہ ورد سے روحانی ترقی ہوتی ہے۔

دلائل الخیرات

درود شریف کے مجموعے کی مشہور کتاب۔ روزانہ پڑھ کر فیض اٹھائیں۔

قصیدہ بردہ

روحانی ترقی، حصار اور ہر جائز حاجات پورا ہونے کے لیے مفید۔

قصیدہ غوثیہ

غوث الاعظم پیرانِ پیر حضرت اقدس عبد القادر جیلانی کا خاص قصیدہ۔

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

بندش کا خاص نورانی تعویذ

ملازم حسین (اسلام آباد)

پسند کی شادی

پہلے وقتوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کے والدین ان کے رشتے خود طے کیا کرتے تھے۔ لیکن آج کل کے دور میں ایسا نہیں ہے۔ لڑکا یا لڑکی خود ہی ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں۔ اگر کسی لڑکی کو کوئی لڑکا پسند ہو اور اس سے محبت کرتی ہو، شادی کرنے کا ارادہ ہو، لیکن لڑکی کے والدین یا لڑکے کے والدین یا عزیز و اقارب وغیرہ اس شادی کی مخالفت کریں۔ اور کسی بھی طرح شادی کیلئے رضا مند نہ ہوں تو ایسی صورت میں اس ترکیب کو آزمائیں۔ ان شاء اللہ تمام مخالفین کی زبانیں بند ہو جائیں گی اور وہ شادی کیلئے رضامند ہو جائیں گے۔ اور کبھی بھی انکار نہ کر سکیں گے۔

۷۸۶

صمٌ بکمٌ عمیٌ فھم لا یتکلمون	صمٌ بکمٌ عمیٌ فھم لا یرجعون
صمٌ بکمٌ عمیٌ فھم لا یسمعون	صمٌ بکمٌ عمیٌ فھم لا یعقلون
بنام شیخ محی الدین	۶۹ جمل III

بستم زبان وعقل وہوش وحواس ظاہری وباطنی فلاں بن فلاں (مطلوب) علیٰ حب فلاں بنت فلاں (طالب)

ترکیب: یہ نقش تین (3) عدد کالی سیاہی سے لکھ لیں۔ زیر زبر ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف لکھتے وقت کسی سے بولنا ہرگز نہیں ہے۔ نقش لکھنے کے بعد اس کے نیچے عبارت لکھیں۔ پہلے فلاں بن فلاں یعنی مطلوب کی جگہ مخالفین کے نام اور ان کی ماؤں کے نام لکھیں۔ اور آخر میں جہاں فلاں بنت فلاں یعنی طالب لکھا ہوا ہے، اس جگہ پر طالب کا نام مع والدہ لکھیں۔ ایک نقش کے اوپر سیاہ کپڑا لپیٹ کر مخالفین کے گھر میں کسی جگہ وزن کے نیچے دبا دیں۔ اگر گھر میں رکھنا ممکن نہ ہو تو ان کے راستے میں دبا دیں۔ دوسرے نقش کے اوپر بھی سیاہ کپڑا لپیٹ کر کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ تیسرے نقش کے اوپر بھی سیاہ کپڑا لپیٹیں اور طالب اسے اپنے پاس رکھ لے۔ اس نقش کے اثرات ان شاء اللہ چوبیس گھنٹوں کے اندر ظاہر ہوں گے۔

زبان دراز شوہر، ساس اور نندیں

میں نے اکثر گھروں میں یہ بات دیکھی ہے کہ لڑکی شریف ہے۔ اس کا کوئی قصور نہیں ہوتا۔ لیکن ساس یا نندیں آئے دن طرح طرح کے الزام لگاتی رہتی ہیں۔ جس کی وجہ سے گھروں میں لڑائی جھگڑے ہوتے ہیں۔ اور سکون ختم ہو جاتا ہے۔ اور ایک بے چاری شریف عورت کی زندگی ہمیشہ کیلئے عذاب بن کے رہ جاتی ہے۔

اگر کسی خاتون کے ساتھ ایسا مسئلہ ہو تو یہی نقش لکھ کر مندرجہ بالا ترکیب کے مطابق استعمال میں لائیں۔

نکاح باندھنا

اگر کوئی لڑکی کسی لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہو اور اس بات کا خدشہ ہو کہ اس کی شادی کسی اور لڑکی سے نہ ہو جائے تو ایسی صورت میں نکاح باندھا جاتا ہے۔ طریقہ کار یہ ہے کہ یہی نقش تین (3) لکھیں۔ ہر نقش کے نیچے ذیل عبارت لکھیں:

بستم نکاح ونسبت فلاں بن فلاں (لڑکے کا نام مع والدہ) ماسوائے فلاں بنت فلاں (لڑکی کا نام مع والدہ) جائے دیگر ہرگز نہ شود۔"

طریقہ استعمال یہ ہے کہ ہر نقش کے اوپر سیاہ کپڑا اور سیاہ دھاگہ لپیٹیں۔ ایک نقش کسی پرانی قبر میں سر کی طرف دفن کر دیں (واپسی پر پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں)۔ ایک نقش لڑکے کے گھر یا اُس کے راستے میں دبا دیں۔ اور ایک نقش اپنے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ، یہ نقوش جب تک اپنی اپنی جگہ پر ہیں، اس کی شادی یا منگنی کہیں اور نہیں ہوگی اور اگر ہو چکی ہے تو ختم ہو جائے گی۔

نوٹ: اس عمل "نکاح باندھنے" کو استعمال کرنے کی انہی لوگوں کو اجازت ہے جو کسی مستند مفتی صاحب سے فتویٰ لیں کہ کسی لڑکے کا نکاح باندھنا جائز ہے۔ ادارے کی اس سلسلے میں کوئی ذمہ داری نہیں۔ خ

دو خاص نورانی الواح

الحاج حکیم میاں عبدالمنعم خان (لاہور)

شرف زہرہ کی خاص نورانی لوح

یہ ان لوگوں کے لئے ہے جن کی لوگ عزت نہیں کرتے۔ جن لوگوں کی اپنے خاندان یا اپنی قوم میں عزت نہیں، وہ لوگ اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں۔ اگر میاں بیوی میں محبت نہیں یا کام بن بن کر بگڑ جاتا ہے یا مقدمہ میں کامیابی نہیں ملتی یا دفتر میں لوگ عزت نہیں کرتے۔ اگر ترقی رکی ہوئی ہے یا ملازمت سے پریشان ہیں، کسی بھی مقصد کے لئے اس نقش کو لکھ کر سبز رنگ کے کپڑے میں سی کر اور سبز رنگ کی ڈوری میں ڈال کر اپنے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طلغائیل

مجید رفیع نعم النصیر

جبرائیل

یامعز	اعزنی	بعزتک	یاعزیز
۵۰۰	۱۰۴	۱۲۹	۱۳۷
۱۰۳	۳۹۷	۱۴۰	۱۳۰
۱۳۹	۱۳۱	۱۰۲	۳۹۸

وکفیٰ باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

اللھم سخرت جمیع خلقک کما سخرت

لسلیمان بن داؤد علیہ السلام

گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ اس نقش کی برکت سے آپ لوگوں میں مقبول ہونگے اور لوگ آپ کی عزت کریں گے۔

شرف زہرہ سال میں ایک مرتبہ آتا ہے۔ آپ کسی بھی اچھی تقویم سے اس کا وقت دیکھ کر لکھ کر استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کو زعفران سے لکھیں، سفید کاغذ پر۔ اگر آپ اس لوح کو چاندی کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس سبز کپڑے ریشمی میں سی کر رکھیں تو یہ لوح تا قیامت آپ کا ساتھ دے گی اور آپ کی خوشیاں پوری ہوں گی۔ وہ لوگ جو چاندی پر کندہ نہیں کر سکتے تو سفید کاغذ پر زعفران سے اس نقش کو لکھیں اور گلے میں ڈالیں۔

یہ نقش ذوالکتابت ہے۔ اس کی مخصوص چال ہے۔ نقش کو مکمل کوائف سے لکھیں اور باوضو ہو کر لکھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب کرے۔ آمین

نوٹ: شرف زہرہ کا وقت سال میں ایک مرتبہ ملتا ہے اس کو کسی بھی تقویم سے دیکھ کر وقت نکال لیں۔

اوج شمس یا شرف شمس کی خاص نورانی لوح

غنی ہونے کے لئے۔ دولت آنے کے لئے یہ نقش عظیم ہے

اس نقش کو گولڈن کاغذ یا سبز کاغذ پر لکھیں۔ اگر آپ یہ لوح سونے کی تختی

یا جلطیل

جبرائیل

یاالله	الالهة	الرفیع	جلاله
طالب بغیر	حکم	ساجد	شاهد قیوم
محیط	قادر حمد	رحیم ضائع	واحد
قدیر قدیم	اول احد	الله	رفیق

وکفیٰ باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

اللھم سخرت جمیع خلقک کما سخرت

لسلیمان بن داؤد علیہ السلام

پر کندہ کروائیں تو بہت جلدی غنی ہوں گے اور اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرمائیں گے۔ رکا ہوا یا ڈوبا ہوا پیسہ اس لوح کی برکت سے آپ کو مل سکتے ہیں۔ نقش لکھنے کے بعد سرخ یا ریشمی کپڑے میں سی کر

(بقیہ: ص 55)

کثیر المقاصد نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ملازمت حاصل کرنا، ترقی مرتبہ، ادائیگی قرض، قید سے رہائی، شادی کے لیے

یہ نقش ملازمت حاصل کرنے، عہدہ میں ترقی پانے، قرض کی ادائیگی میں سہولت، قیدی کی رہائی اور لڑکے لڑکیوں کے رشتوں کے لیے بہت کارآمد اور مفید ہے۔ مندرجہ ذیل نقش باوضو سیسے کی تختی پر کسی نوک دار چیز سے کھود کر بنالیں یا کسی سنار کو وضو کرا کے اس سے بنوالیں۔ جب تختی بن جائے تو دارچینی یا لوبان کو جلتے ہوئے انگاروں پر ڈال کر اس کا دھواں اس تختی کو دیں۔ اور باوضو سبز کپڑے میں موم جامہ کرکے اپنی قمیض یا کرتے کی جیب یا بٹوے میں رکھ لیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ نقش ناف سے اوپر کی جیب میں رہنا چاہیے۔ نقش یا تعویذ کو کبھی بھی ناف سے نیچے کی جیب میں نہ رکھیں۔ چاہے وہ موم جامہ کیا ہوا ہی ہو۔ پتلون کی جیب میں رکھنا بہت بری بات ہے اور اس سے تعویذ کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔

اگر جیب میں رکھنا ممکن نہ ہو تو گھر میں کسی صندوق یا محفوظ جگہ میں رکھ دیں۔ روزانہ کچھ نہ کچھ خیرات کیا کریں۔ وہ نقش یہ ہے:

ال	ب ا	ع	ث
۷۱	۴۹۹	۳۲	۲
۴۹۸	۶۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۴۹۷	۶۹

ذہن کی کشادگی علم و فہم کے اضافے، کند ذہنی ختم ہو

اس اسم کا نقش ذہن کی کشادگی، علم و فہم کے اضافے، کند ذہنی ختم ہو جانے، بے خوابی، درد دماغ، درد جگر، رعشہ فالج، لقوے وغیرہ میں استعمال کریں اور شفایابی کے جوہر سمیٹیں۔

نقش مبارک یہ ہے:

۷۸۶

ا	لا	وّ	ل
۸	۲۸	۳	۹۲
۶۲	۲	۵۳	۵
۳۳	۷	۲۴	۴

مال میں ترقی، غیبی گاہک اور حاکم مہربان

دکان میں مال کی ترقی کے لئے، ہر بلا مصیبت، دوست، دشمن، سخت حاکم کو مہربان کرنے کے لئے۔ ایک ہی لائن میں تینوں نقوش لکھیں اور پھر آیات لکھیں اور خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے پاس رکھیں۔

یہ بسم اللہ کا ہے

۷۸۶

۲۶۵	۲۶۸	۲۶۳
۲۶۰	۲۶۲	۲۶۴
۲۶۱	۲۶۶	۲۶۹

یہ فتاح کا ہے

۷۸۶

۱۶۶	۱۶۹	۱۶۴
۱۶۱	۱۶۳	۱۶۵
۱۶۲	۱۶۷	۱۶۰

یہ یاعزیز کا ہے

۷۸۶

۳۱	۲۴	۲۹
۲۶	۲۸	۳۰۱
۲۷	۳۲	۲۵

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ. قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ. يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ. لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ. فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ. يا سميت ياسميت ياسميت ياسميت ياسميت ياسميت ياسميت ياسميت

محمد عارف

یہ ایک خاص الخاص نورانی تعویذ ہے جو ہر طرح کی حفاظت کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس تعویذ کو زعفرانی روشنائی سے لکھیں۔ بہتر ہے کہ مشک وزعفران کی روشنائی ہو۔ شرف قمر یا عروج ماہ میں کسی اچھی ساعت میں لکھیں۔ یہ تعویذ سائل کو پاس رکھنے کے لیے اور جگہ پر لگانے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

بسم الله الذي لا يضر مع اسمه شيئ في الأرض ولا في السماء وهو السميع العليم الله اكبر الله ربي ولا اشرك به شيئا ...

باموکل اعمال

آیت الکرسی باموکل

ہر قسم کے جادو، جنات، نظر بد، حادثات، خطرات، شریر جنات و شیاطین کے خلاف انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار، جو علاج کے ساتھ حفاظت کے لیے بھی مجرب ہے۔

آیت قطب باموکل

ہر قسم جادو، جنات، نظر بد، شیاطین، آسیب وغیرہ سے نجات اور جائز مقاصد کے حصول کا مجرب عمل۔

چہل کاف باموکل

ہر قسم کے جادو جنات، آسیب، شیاطین، روحانی و جسمانی بیماریوں کا زبردست علاج اور سخت جنات و جادو سے نجات اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ اخلاص باموکل

لوگوں کی محتاجی اور احتیاج سے بچانے اور غیب سے روزی اور اسباب مہیا کرنے والا خاص عمل۔ جنات و جادو سے نجات، ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ فیل باموکل

دشمن چاہے انسان ہو یا جنات، ان سے نجات کا مجرب عمل۔ خاص کر جادوگروں کو سبق سکھانے کا مجرب عمل۔

سورۃ مزمل باموکل

ہر قسم کے جنات، جادو، آفات و بلیات سے نجات۔ حب و بغض کے معاملات۔ رزق میں کشادگی۔ الغرض ہر قسم کی دنیاوی حاجات کے لیے اکسیر عمل ہے۔ بڑے جنات، شیاطین و جادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

سورۃ جن باموکل

ہر قسم کے شدید ترین جادو، جنات وغیرہ سے نجات کا بہت بڑا عمل۔ جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

خاص خاص اعمال

تھیلی والا عمل

جادو اور جنات کا علاج کرتے وقت جب معاملہ پھنس جائے اور مزید علاج نہ ہو رہا ہو تو اس عمل سے مدد لی جاتی ہے۔ اس عمل کو کرنے سے جو بھی رکاوٹ ہوتی ہے، وہ وقتی طور پر دور ہو جاتی ہے اور علاج میں آسانی ہوتی ہے۔

ہانڈی والا عمل

بڑے سے بڑے جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ کو جلانے اور ہر قسم کے جادو، چاہے وہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو اور دیرینہ امراض یا لاعلاج امراض سے شفاء حاصل کرنے کا خاص عمل ہے۔ اور ہر ماہر عامل کی ضرورت بھی۔

کڑاہی والا عمل

اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین، عامل جنات، جادوگر شیاطین و جنات کڑاہی میں جلتے ہیں۔ یہ عمل عام عوام کے لیے نہیں ہے۔ ان عاملین کے لئے ہے جو کہ جادو جنات کا ماہرانہ طور پر علاج کرتے ہیں۔

بکرے کے صدقے کا عمل

جب جنات یا جادو سخت نقصان دہ ہو جائے تو ان کے علاج کے لئے بکرے کے صدقے کا خاص عمل کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے اصل خطرہ ٹل جاتا ہے اور مریض کا علاج آسانی سے ہو سکے۔

اونٹ کی ہڈی والا عمل

ایک ایسا عمل جس کی ضرورت ہر اس عامل کو ہوتی ہے جو عامل گھر یا کسی بھی جگہ سے جادو اور جنات کو نکالنے اور ان سے حفاظت کے لئے کام کرتے ہیں۔

سری والا عمل

اس عمل کو اس وقت کیا جاتا ہے جب سخت قسم کے جادو اور جنات کے ضدی اثرات سے نجات نہ مل رہی ہو۔ مخالف جادو اور جنات پر ایک زوردار حملہ کیا جائے تاکہ وہ کافی پیچھے ہٹ جائیں اور عامل کو اپنے مریض کا علاج کرنے کے لیے وقت مل سکے۔ جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرنے والے ہر عامل کی ضرورت۔

خزینہ مجربات

بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو، اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں۔

جنات وشیاطین سے نجات کے نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جن کے دفع ہونے کے لیے

اس تعویذ کو لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں لٹکا دے۔ اللہ تعالیٰ جلد شفاء بخشے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. اِلٰى مَنْ يَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ. اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْحَقِّ سَاعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا فَهٰذَا كِتَابٌ يَّنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ. وَ رُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ. اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِىْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ. كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ. حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ. فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

گھر سے شیاطین کا اثر دور ہونے کے لیے

اصحاب کہف کے نام لکھ کر گھر کے چاروں کونوں میں چسپاں کردے۔

دفع شر جن

اس دعا کو لکھ کر گلے میں ڈالیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَ اِلَى اللّٰهِ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ. اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِىْ، وَاِلَيْكَ وَجَّهْتُ وَجْهِىْ، وَ اِلَيْكَ اَلْجَاْتُ ظَهْرِىْ، وَاِلَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِىْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِىْ بِحِفْظِ الْاِيْمَانِ مِنْ بَيْنِ يَدَىَّ وَمِنْ خَلْفِىْ، وَعَنْ يَّمِيْنِىْ وَعَنْ شِمَالِىْ، وَمِنْ فَوْقِىْ وَمِنْ تَحْتِىْ، وَمَا قِبَلِىْ، وَادْفَعْ عَنِّىْ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ، فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ۔

آسیب کو بھگانے کے لیے

یہ نقش آسیب زدہ کے بازو پر باندھ دیں۔ ان شاء اللہ، آسیب بھاگ جائے گا۔

لا اله	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ
یااللہ	یارحمٰن	یارحیم	یاستّار	یاغفّار
یاکریم	یاوہّاب	یابدّوح	یاغفور	یاشکور

جن وآسیب کے اثرات کی وجہ سے شدید بخار ہو یا خوف ودہشت کی وجہ سے کسی کا بدن کپکپاتا ہو

اگر کسی شخص کو جن وآسیب کے اثرات کی وجہ سے شدید بخار ہو یا خوف ودہشت کی وجہ سے کسی کا بدن کپکپاتا ہو تو یہ نقش اس کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ، چند گھنٹوں میں بخار اتر جائے گا اور خوف ودہشت سے بھی نجات مل جائے گی۔

نقش اس طرح بنیں گے۔ دونوں نقش ایک ہی کاغذ پر بن کر ایک تعویذ بنائیں۔ اور موم جامے کے بعد کالے کپڑے میں کرنے کی تاکید کریں۔

نقش یہ ہے:

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

جادو سے نجات کے نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

جادو کا اثر باطل کرنا

علامہ سیوطیؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ ایک کاغذ پر ساعت عطارد میں قمر مسعود ہو، لکھ کر باندھیں۔

''اُبْطُلُوْهُ اُبْطُلُوْهُ اُخْرُجُوْهُ اُخْرُجُوْهُ حُلُوْهٗ حُلُوْهٗ حُلُوْهٗ حُلُوْهٗ اِفْتَحُوْهُ اِفْتَحُوْهُ شَرَاهِيًا بِعِزَّةِ اللهِ يَزُوْلُ بِقُوَّةِ اللهِ يَزُوْلُ كُلَّ بَاْسٍ وَ بَقُدْرَةِ اللهِ يَحُلُّ مَعْقُوْدٍ مَعَ الطِّلَسْمِ ۱۰۱، ۲۱۱، ۱۱۱، ۲۱۱ ''۔

سحر سے نجات

جادو زدہ شخص کو یہ عبارت لکھ کر نقش بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضلِ خداوندی ٹھیک ہو جائے گا۔

الٰہی رحم کن ۔ کرم کن ۔ بر حال فلاں ابن فلاں

اِنَّكَ غَفُوْرُ الرَّحِيْم ۔ اِنَّكَ سميعٌ مجيب

وَاِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

معمولی سحر سے نجات

سحر کا اثر اگر معمولی ہو اور بالخصوص میعاد کے دوران عامل کو خدمت کا موقع مل جائے تو عامل کو چاہیے کہ وہ مندرجہ ذیل نقش کالی روشنائی سے لکھ کر موم جامے کے بعد اس کو کالے رنگ کے کپڑے اور کالے ہی رنگ کے ڈورے میں کر کے مریض کے گلے میں ڈلوادے۔ یہ نقش جمعرات کے دن سورج نکلنے سے پہلے پہلے مریض کے گلے میں ڈالیں تو افضل ہے۔ ورنہ جب بھی موقعہ ہو، ڈال دیں۔ ان شاء اللہ، سحر کے اثرات سے پندرہ (15) دن کے اندر نجات مل جائے گی۔ اور مریض بفضلِ ربّ العالمین رو بہ صحت ہوگا۔ نقش یہ ہے:

جادو سے نجات

سفید کاغذ پر یہ عبارت کالی روشنائی سے لکھیں ''یاقاهر ذالبطش الشديد انت الذی لا يطاق انتقامه يا قاهر'' اس کو مریض کے دائیں بازو پر باندھیں۔ دوسرے کاغذ پر یہ عبارت لکھیں ''''۔ اس کو مریض کے بائیں بازو پر باندھیں۔ اور یہ دونوں عبارتیں ایک کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ، اس دن کے اندر سحر کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔

واپسی سحر کا خاص تعویذ

ان دعاؤں کو لکھ کر مسحور کے گلے میں ڈال دیں۔

اللهم رد السحر علی من سحر، واحبسه فی جسده، وسلط كل شياطينه عليه. اللهم إنی أعوذ بك من شر كل لابس ولامس، ومن شر خدام السحر والحارس. اللهم إنی أعوذ بك من همزات الشياطين وأعوذ بك ربِّ أن يحضرون. اللهم إنی أعوذ بك غمز الشيطان ولمزه وهمزه. اللهم إنی أعوذ بك من شر الشياطين والسحرة المفسدين. اللهم إنی أعوذ بك شر الحاسدين والحاقدين والمعينين والناظرين.

نظرِ بد سے نجات کے نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

سخت سے سخت نظرِ بد کو دور کرنے کے لیے

سخت سے سخت نظر بد کو دور کرنے کے لیے "یَا مُمِیْتُ" کا نقش استعمال کریں۔

یامميت	یامميت
	یامميت
یامميت	یامميت

یَا مُمِیْتُ کے نقوش ہر مزاج کے مطابق استعمال کروائیں۔

برائے نظرِ بد

اگر کسی بچہ کو بار بار نظر لگتی ہو یا بار بار بیمار ہوتا ہو، اس کے لیے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اس کے گلے میں باندھ دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد اور بار بار بیمار ہونے سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنَ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ۔

انسان اور جانور سے نظرِ بد کو دور کرنا

مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے جانور یا انسان کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔

لَا بَاْسَ اِذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا يَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ۔

بچوں کی نظرِ بد کے لیے

یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

بچہ کی نظرِ بد کے لیے

جس بچہ کو نظر لگ جاوے یا ضد کرتا ہو یا سوتے میں ڈرتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَعَيْنٍ لَّامَّةٍ۔

نظر کا ایک خاص تعویذ

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَ بَرْدَهَا وَ وَصَبَهَا

یہ دعا سات (7) بار لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ بے حد نافع ہے۔

برائے نظرِ بد

نقش ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔

یاھو	یاھو
یاھو	یاھو

برائے نظرِ بد انس وحیوان

گائے یا بھینس کو جب نظر لگ جائے تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ سعے سعے سعے سعے۔

انسانوں کے لیے بھی مفید ہے۔

اثراتِ بد سے نجات کے نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

مکان میں موجود جادو، سحر و جنات سے نجات

۱)......مکان میں جادو، سحر یا جنات ہوں تو درج ذیل چاروں نام مکان کے چاروں کونوں میں لکھ دیں۔ ہر چیز کا اثر ختم ہو جائے گا۔

الٰہی بحرمت ابراھیم اللہ الٰہی بحرمت ابراھیم ادھم

الٰہی بحرمت ابراھیم خواص الٰہی بحرمت ابراھیم نخعی

آسیب و سحر سے نجات

آسیب و سحر، دونوں میں اس کا گلے میں ڈالنا نہایت مفید ہے۔

۷۸۶

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ب	د

ہر قسم اثراتِ بد سے نجات کا مجرب تعویذ

یہ ایک خاص تعویذ ہے جو کہ ہر طرح کے اثرات بد سے نجات کے لیے مریض کو پاس رکھنے کے لیے دیا جاتا ہے۔ اس تعویذ کو پہننے سے قبل ایک پاؤ چھوٹا گوشت مریض کے سر پر سے سات (7) بار وار کر کسی ویرانے میں رکھ دیں اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ تعویذ یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ۔ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ۔ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ۔ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ۔ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ۔ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ مَلِکِ النَّاسِ۔ اِلٰہِ النَّاسِ۔ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ۔ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ۔ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَالنَّاسِ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَ کَفَرۡتُ بِالۡجِبۡتِ وَالطَّاغُوۡتِ وَاسۡتَمۡسَکۡتُ بِالۡعُرۡوَۃِ الۡوُثۡقٰی لَا انۡفِصَامَ لَھَا وَاللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ۔ حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَ کَفٰی، سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ دَعَا، لَیۡسَ وَرَاءَ اللّٰہِ مُنۡتَھٰی، رَضِیۡتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالۡاِسۡلَامِ دِیۡنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِیًّا وَّرَسُوۡلًا۔

اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ، مِنۡ غَضَبِہٖ وَ عِقَابِہٖ وَ مِنۡ شَرِّ عِبَادِہٖ، وَمِنۡ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیۡنِ، وَ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِوَجۡھِکَ الۡکَرِیۡمِ، وَ کَلِمَاتِکَ التَّآمَّاتِ، مِنۡ شَرِّ مَا اَنۡتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہٖ، اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ تَکۡشِفُ الۡمَاۡثَمَ وَ الۡمَغۡرَمَ، اَللّٰھُمَّ لَا یُھۡزَمُ جُنۡدُکَ، وَ لَا یُخۡلَفُ وَعۡدُکَ، سُبۡحَانَکَ وَبِحَمۡدِکَ۔

اَعُوۡذُ بِوَجۡہِ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ الَّذِیۡ لَا شَیۡءَ اَعۡظَمُ مِنۡہُ، وَ بِکَلِمَاتِہِ التَّآمَّاتِ، الَّتِیۡ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ، وَ بِاَسۡمَاءِ اللّٰہِ الۡحُسۡنٰی، مَا عَلِمۡتُ مِنۡھَا وَ مَا لَمۡ اَعۡلَمۡ، وَمِنۡ شَرِّ مَا اَنۡتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہٖ اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذۡھِبِ الۡبَاۡسَ وَاشۡفِ اَنۡتَ الشَّافِیۡ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُکَ شِفَاءً وَلَا یُغَادِرُ سَقَمًا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ اَرۡقِیۡکَ مِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ یُّؤۡذِیۡکَ وَمِنۡ شَرِّ کُلِّ نَفۡسٍ اَوۡ عَیۡنٍ حَاسِدَۃٍ اللّٰہُ یَشۡفِیۡکَ بِسۡمِ اللّٰہِ اَرۡقِیۡکَ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ یُبۡرِیۡکَ وَمِنۡ کُلِّ دَاءٍ یَّشۡفِیۡکَ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَمِنۡ شَرِّ کُلِّ ذِیۡ عَیۡنٍ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ اَرۡقِیۡکَ مِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ یُّؤۡذِیۡکَ مِنۡ حَسَدٍ حَاسِدٍ وَمِنۡ کُلِّ ذِیۡ عَیۡنٍ اللّٰہُ یَشۡفِیۡکَ۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات
70
اکتوبر 2022ء
مطب العارف کی ادویات جو سینکڑوں مریضوں کی شفایابی کا ذریعہ بنی ہیں
1 طلاء خاص الخاص: قیمت: 950 روپے
عضو خاص کا ڈھیلا پن ختم، لمبائی اور موٹائی میں اضافہ کرے۔ مضبوطی اور سختی پیدا کرے۔
2 حبوب ذکاوتِ حس: قیمت: 1100 روپے
غلط کاریوں کی وجہ سے ہونے والی ذکاوتِ حس سے چھٹکارے کا بہترین حل۔
3 زور آور کیپسول: (چھوٹی پیکنگ) قیمت 750 روپے
ہر قسم کی مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین چیز ہے۔
4 معجون خاص زعفرانی قیمت 1150 روپے
جنسی کمزوریوں کا نام ونشان تک ختم کر دیتا ہے۔
5 پیغام جوانی کیپسول: (چھوٹی پیکنگ) قیمت 750 روپے
منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے۔
6 سفوف شباب آور: قیمت 1050 روپے
بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے۔
7 حبوب طاقت: قیمت: 1000 روپے
کثرت جماع کی کمزوری کو دور بھگائے اور گمشدہ طاقتوں کو دوبارہ بحال کرے۔
8 ٹھنڈک کورس: قیمت: 1100 روپے
جگر، مثانہ کی گرمی کا زبردست توڑ۔ کالے اور پیلے یرقان اور جملہ امراض گرما کا بہترین علاج۔
9 احتلام کورس: (مکمل کورس) قیمت 1500 روپے
قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا گیا احتلام کورس جو احتلام کا خاتمہ کرتا ہے۔
10 شادی کورس: قیمت: 7500 روپے
شادی کے نام سے ہی خوف زدہ ہونے والوں کیلئے زبردست مثالی تحفہ۔
Web: darulamal.org/matabalaarif
Email: matabalaarif@gmail.com
042-35410586
0304-7772772
ادویات پر 25% خصوصی رعایت حاصل کریں۔
1 اکسیر ہاضم قیمت: 60,150 روپے رعایتی قیمت: 45,110
2 چشمہ شفاء قیمت: 100 روپے رعایتی قیمت: 75 روپے
3 بی۔ پی آئل قیمت: 500 روپے رعایتی قیمت: 375 روپے
4 بے مثال تیل قیمت: 400 روپے رعایتی قیمت: 300 روپے
5 بے مثال مرہم قیمت: 90 روپے رعایتی قیمت: 68 روپے
6 عنبر والی گولی قیمت: 1000 روپے رعایتی قیمت: 750 روپے
7 کیسٹر آئل قیمت: 150 روپے رعایتی قیمت: 110 روپے
8 شربت فولاد خاص قیمت: 400 روپے رعایتی قیمت: 300 روپے
9 روغن درد ربا قیمت: 200 روپے، رعایتی قیمت: 150 روپے
10 جام صحت 37 قیمت: 500 روپے رعایتی قیمت: 375 روپے
11 تریاق بدن
مقوی معدہ وامعاء، مقوی قلب وجگر، مولد خون اور مقوی بدن۔
قیمت: 1250 روپے رعایتی قیمت: 940 روپے
12 تریاق اٹھرا
مرض اٹھرا کے لئے بیش قیمت اجزاء کا بے حد مفید و موثر مرکب ہے۔
قیمت: 1250 روپے، رعایتی قیمت: 940 روپے
13 دماغی ٹانک
قیمت: 450,1700 روپے
رعایتی قیمت: 340,1270 روپے
14 معجون خاص
قدرتی کیلشیم، فولاد، پروٹین کا ایک بیش قیمت مرکب۔
قیمت: 1250 روپے رعایتی قیمت: 940 روپے
Alternative Medicine Store
Lahore, Pakistan
Alternative Medicine Store 0309-7772778 0335-8772778 0349-7772778
alternativemedicinestore.com info@alternativemedicinestore.com 0316-7779378
عطر، اگربتیاں، بخور، بخور سٹک، بخوردان، ایئر فریشنر، پرفیومز، باڈی سپریز آن لائن خریدیں
http://aarfiperfumes.com
نورانی تعویذات نمبر

جسمانی امراض سے شفا کے نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

بچہ زیادہ روتا ہو

جو بچہ مسلسل روتا ہو، اسم "یَارَحِیْمُ" کو بارہ (۱۲) مرتبہ گلاب وزعفران سے لکھ کر گلے میں لٹکانے سے اس کا رونا بند ہوجاتا ہے۔

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

اسماء الٰہیہ میں سے یہ چودہ (14) نام لکھ کر گلے میں باندھ لے، خواب اور نیند میں بکواس اور بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی وہ نام یہ ہیں۔

الغفار۔ الوھاب۔ القھار۔ الفتاح۔ القدوس۔ الرحمن۔ الرحیم۔ الشھید۔ الصمد۔ الملك۔ العظیم۔ الکریم۔ الاکرم۔

صفرا کی زیادتی کی وجہ سے بخار

یہ نقش مریض کے گلے میں ڈالیں:

۷۸۶

ط	ی	ح	م
ی	ط	ی	ح
ح	ی	ط	ی
م	ح	ی	ط

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

آماس گلو (گلے کی سوجن)

بروز دوشنبہ یا جمعہ کو لکھ کر اس تعویذ کو گلے میں باندھے۔ ان شاء اللہ بہت جلد شفاء ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لِیَ اللّٰهُ لِیَ اللّٰهُ هُوَ یُوْ کَعُ فِی اللّٰوج۔

خناق

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یَامُعِیْثًا بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

اسقاطِ حمل سے حفاظت

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو، حمل ضائع ہوجاتا ہو تو درج نقش مکرم تحریر کرکے کمر میں باندھیں تو ان شاء اللہ مقصود پورا ہو کر رہے گا۔

۷۸۶

یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم
یامطیع	یامطیع	یامطیع	یامطیع	یامطیع
یارحیم	یارحیم	یارحیم	یارحیم	یارحیم
یارحمن	یارحمن	یارحمن	یارحمن	یارحمن

احساس کمتری

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

یاحیّ		یاحیّ
	یاقیوم	
یاحیّ		یاحیّ

بچہ چل نہ سکے

اسم حق تعالیٰ "المتین" ہرن کی جھلی پر لکھیں اور خوشبو کا بخور دے کر بچے کے گلے میں ڈالیں، جس کی ٹانگوں میں نقص ہو۔ ان شاء اللہ اس کو قوتِ رفتار حاصل ہوگی۔

کثرتِ پیشاب

بعض بچے بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ اور بعض بڑے ہو کر بھی بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش ناف تک رہے۔ بحکمِ خدا، رات کو بچے بستر پر پیشاب ہرگز نہ کریں گے۔

نقش مکرم یہ ہے:

هاروت
هاروت　　وماروت
وماروت

دردِ سر کے لیے

ہر قسم کے سر درد کے لیے مریض کے سر پر باندھیں۔

۷۸۶

یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ
یاغفوْرُ	یاغفوْرُ	یاغفوْرُ	یاغفوْرُ	یاغفوْرُ
یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ
یاغفوْرُ	یاغفوْرُ	یاغفوْرُ	یاغفوْرُ	یاغفوْرُ
یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ	یااللہُ

دردِ آدھا سیسی کا تعویذ

اگر دردِ آدھا سیسی کا ہو تو لکھ کر سر میں باندھیے، دفع ہو جاوے۔

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

لُکنت زبان کا علاج

ساٹھ (60) مرتبہ حرف ''س'' لکھے اور گلے میں بچے کے ڈال دے تو لکنت زبان اُس کی دفع ہو جائے گی۔

بواسیر خونی و بادی

یہ نقش کمر میں باندھے، بواسیر ختم ہو جائے۔ مجرب ہے۔

یاشافع	یاشافع	یاشافع
یاشافع	یاشافع	یاشافع
یاشافع	یاشافع	یاشافع

خون روکنے کا تعویذ

کاغذ پر کسی بھی قلم سے لکھ کر پاس رکھیں۔

مممممممممممم
مممممممممممم
مممممممممممم
مممممممممممم

برائے اختلاج قلب

☆ اختلاج قلب، ہولِ دل، گھبراہٹ کے لئے ذیل کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ ڈورا اتنا لمبا ہو کہ تعویذ دل پر پڑا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، تمام شکایت دور ہوں گی اور شفاء حاصل ہوگی۔

لاحول	ولاقوۃ	الا	باللہ	العلی
ولاقوۃ	الا	باللہ	العلی	العظیم
الا	باللہ	العلی	العظیم	بسم اللہ
باللہ	العلی	العظیم	بسم اللہ	الرحمن
العلی	العظیم	بسم اللہ	الرحمن	الرحیم

نوٹ: امراض جسمانی کا روحانی علاج کے ساتھ ساتھ طبی علاج بھی کروائیں اور خاص کر پرہیز کا خاص خیال رکھیں۔ غذا سب سے اہم چیز ہوتی ہے۔ وہ غذا ہرگز نہ کھائیں جو آپ کی موجودہ صحت کے لیے نقصان دہ ہو اور موجودہ بیماری کے لیے مزید خرابی کا باعث بنے۔

رزق و معاش سے متعلق
نورانی تعویذات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

برائے ترقی روزگار

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے۔ اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے۔ دوکان میں لگائے یا غلہ میں رکھے۔ اس نقش کی برکت سے کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔ یہ نقش مجرب ہے۔

